الدُرُّالثَّمِین فی مناقبِ الشّیخ محیُ الدِّین

اُردو ترجمہ

مناقبِ ابنِ عربی

(مع عربی متن)

تالیف الشیخ المرشد ابراھیم بن عبداللہ القاری البغدادی

تحقیق
الدکتور صلاح الدین المنجد

ترجمہ
ڈاکٹر سلمہ فردوس سہول

کتاب محل

Marfat.com

الدُّرُّ الثَّمِین فِی مَنَاقِبِ الشَّیخ محیُ الدِّین

اُردو ترجمہ

مناقبِ ابنِ عربی

(مع عربی متن)

تالیف

الشیخ المرشد ابراهیم بن عبد اللہ القاری البغدادی

(۹ ہجری)

تحقیق
الدکتور صلاح الدین المنجد

ترجمہ
ڈاکٹر سلمہ فردوس سہول

کتاب محل
دربار مارکیٹ لاہور
0321-8836932

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ـــــ مناقب ابن عربی

تالیف ـــــ شیخ مرشد ابراھیم عبداللہ القاری البغدادی

تحقیق ـــــ الدکتور صلاح الدین المسجد

ترجمہ ـــــ ڈاکٹر فردوس سیہول

قیمت ـــــ -/300 روپے

ناشر ـــــ محمد فہد

پرنٹر ـــــ کتاب محل

اوّل سن اشاعت ـــــ 2014ء

ملنے کا پتہ

کتاب محل دربار مارکیٹ لاہور
0321-8836932

فہرست

پیش لفظ از محقق ۳

پیش لفظ از مؤلف ۱۶

پہلا باب: احوالِ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ

احوال ۱۸

لوگوں کا ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے مؤقف ۲۳

پہلا گروہ: حمایتی ۲۳

دوسرا گروہ: غیر جانبدار ۳۲

تیسرا گروہ: معترض ۴۰

دوسرا باب: اقوالِ (تصنیفاتِ) ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ

تصنیفات ۴۳

شاہِ یمن ناصر کا فیروز آبادی سے کتبِ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ پر استفتاء ۶۰

شاہِ یمن ناصر کا ابنِ خیاط سے کتبِ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ پر استفتاء اور اس کا رد ۶۳

تصوف ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں ۷۷

Marfat.com

پیش لفظ از محقق

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی اندلسی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار اسلام کی سب سے بڑی صوفی و فلسفی شخصیات میں ہوتا ہے۔ انھیں جودتِ عقل، تیزی فہم، آفرینئ خیال، فراوانی عاطفت، وسعتِ علم، تعدد آفاق کے ساتھ استنباط، قیاس اور استشھاد پر قدرت دی گئی۔ جوان کے لیے فلسفہ کو تصوف میں ضم کرنے میں مددگار رہوئی۔ تو اس سے انہوں نے ایک خاص نظریہ وحدت الوجود کی بنیاد رکھی جو بڑا پُر اثر تھا، اور ایک مدرسہ قائم کیا جو مختلف پیروکاروں پر مشتمل تھا اور سینکڑوں کتابیں تالیف کیں جس سے ان کے پہلے اور بعد کے بہت سے صوفیاء وفلاسفہ قاصر رہے۔

وحدتِ وجود کے اثبات اور مذہب فلسفہ میں اس کے اخراج کا علم انھیں پر منتھی ہے۔ اس نظریہ کو انھوں نے قرآن، حدیث، علم کلام اور مختلف مصادرِ فلسفہ جیسے جدید افلاطونیت اور رواقیت وغیرہ سے اور سابق صوفیاء کی آراء سے اور بعض اسلامی فرقوں، ظاہریہ اور باطنیہ سے اخذ کیا اور پھر اُسے اپنی طابع خاص کی چھاپ لگائی۔

ان کی کتاب ''فصوص الحکم'' جو انھوں نے دمشق میں تالیف کی تھی ان کے سارے

نظریہ کو شامل ہے۔ انھوں نے اس میں اور اپنی تمام تصانیف میں اپنی آراء کو ایک خاص صوفی زبان میں پیش کیا ہے جس میں رمز، تشبیہ، اشارہ، مجاز کثرت سے ہے۔

وہ بعض اوقات اپنے الہامات کو بھی ضبط تحریر میں لے آتے تھے جس سے کلام کبھی غامض ہو جاتا ہے، اس لیے ان کی تالیفات کے قاری کے لیے ضروری ہے کہ پہلے تو وہ ان کی اصطلاحی زبان اور ان کے الفاظ کا علم رکھتا ہو، اور یہ کہ تصوف اور اس کے معانی کے ذوق والا ہو۔ بس علم اور ذوق یہ دونوں ایسے شخص کے لیے ناگزیر ہیں جو کسی صوفی کو سمجھنا چاہتا ہو۔ اور گویا شیخ ابنِ عربی رحمۃ اللہ نے اس ضرورت کا ادراک کر لیا تھا، اسی لیے انھوں نے اصطلاحات القوم کے بارے میں ایک مخصوص رسالہ تالیف کیا اور اپنی توالیف میں مختلف مقامات پر اس ضرورت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اور چونکہ قارئینِ کتبِ تصوف کی اکثریت یا تو زبانِ تصوف سے آگاہ نہیں ہے اس لیے وہ اس کے الفاظ کی وضاحت عامۃ الناس کے ہاں معروف معانی سے ہی کر لیتے ہیں اور یوں وہ ظاہر شرع سے متصادم ہو جاتے ہیں۔ یا وہ پڑھی جانے والی عبارت کا ذوق نہیں رکھتے کیونکہ وہ ان صوفیانہ منازلِ سلوک سے نہیں گزرے جن سے صوفیاء ریاضتوں اور مجاہدوں کے دوران گزرتے ہیں تو صوفیاء کو غموض، شطح، کفر اور زندیقیت سے متہم کرنا اس لاعلمی اور عدمِ ذوق کے باعث ہے۔

اور ایسے ہی حالات کا سامنا حضرت شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ کو کرنا پڑا۔ فقہاء (اہلِ ظاہر) کی اکثریت ان کے درپے ہوگئی، خاص کر ان کی وفات کے بعد، انھوں نے ان پر طعن کیا اور انھیں زندیق کہا۔ اور بغیر کسی استثناء کے ان کی تمام کی تمام کتابوں کے پڑھنے کو حرام ٹھرانے تک جا پہنچے۔ اور یہ اس وجہ سے کہ انھوں نے ان کی تصانیف میں وارد کچھ حصہ کی تفسیر متداول معانی سے کر دی اور تصوف کے اصطلاحی معانی کی طرف نہ آئے۔ اور یوں ظاہر کو اختیار کر لیا اور باطنیت پر توجہ نہ کی۔ پھر انھیں اختیاری ذوق نے بھی عاجز کر دیا اس

Marfat.com

لیے کہ انھیں ریاضتوں کی مہارت نہ تھی اور ان مجاہدوں میں وہ پڑے نہ تھے جو کہ صوفیاء کے مطالب کے عرفان کے لیے ناگریز ہوتے ہیں، اور یوں وہ اُن پر طعنہ زن ہو گئے کیونکہ انھوں نے ان کو جانا نہیں تھا، سمجھا نہیں تھا اور وہ اس فن سے بھی نابلد تھے، کہ نہ تو وہ اس کی راہوں کے سالک تھے اور نہ ہی اس کا عرفان رکھنے والے تھے۔

لیکن شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ پر فقہاء کے اس طعن نے دوسرے علماء میں حمیت کو ابھارا، ان میں سے بعض تو صوفیاء ہی تھے اور بعض ایسے فقہاء تھے جو تصوف کے اسرار اور اس کی اصطلاحات کا عرفان رکھتے تھے، یا وہ اہل تصوف کے اقوال کو انھیں پر چھوڑ دینے والے تھے۔ تو یہ لوگ سرگرمی سے شیخ ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ کی مدافعت کرنے لگے اور ان کے مناقب و محاسن بیان کرنے لگے اور گروہِ اول کا رد کرنے لگے جنھوں نے جہل کے سبب عداوت کی، اور آدمی جس سے لاعلم ہوتا ہے اس کا دشمن ہوتا ہے۔

یوں دونوں گروہوں میں جھگڑا پیدا ہوا اور یہ سخت شدید جھگڑا تھا۔ کئی صدیوں تک متبعین نے اس کو ورثہ میں لیا اور ہم اپنے عہد میں بھی اس کو دیکھ رہے ہیں۔ فقہاء اپنے جمود اور تنگیٔ فکر کے باعث زندیقیت و کفر سے کم کوئی چیز پاتے ہی نہیں جس سے اس فلسفی وصوفی کو متہم کر سکیں۔ اور اس فلسفی کے پیروکار ان کے رد میں کہتے ہیں کہ یہ جاہل و گمراہ ہیں، ان پر اللہ تعالیٰ نے فہم و علم کے دروازے کھولے ہی نہیں۔

تو جن لوگوں نے ان پر طعن کیا اور ان کی تکفیر کی، اُن میں واسطی، بدر بن جماعہ، زین عراقی، ابن تیمیہ، ابوحیان اندلسی، ابن خلدون اور بقاعی وغیرہ ہیں اور یہ اہل طریقت سے نہیں ہیں۔ اور جن لوگوں نے ان کی توصیف کی اور ان کا دفاع کیا، اُن میں سے قاضی زملکانی، فیروز آبادی، قاری بغدادی، اور اپنی حیات کے آخر میں عز بن عبد السلام، سیوطی، شعرانی، اور علی بن میمون وغیرہ ہیں۔

اس جھگڑے کا نتیجہ بہت سے رسائل و مؤلفات ہیں جو کہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے دفاع

Marfat.com

میں یا اُن پر ردوطعن کے لیے لکھے گئے۔

وہ اوّلین لوگ جنھوں نے مناقب ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ میں اور ان کے دفاع میں لکھا، ہمارے اس رسالہ کے مؤلف، ابوالحسن علی بن ابراہیم بن عبداللہ بن ابراہیم بن یوسف قاری بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اُن میں سے ہیں یہ آٹھویں صدی کے صوفیاء سے ہیں۔ ہم دستیاب کتب میں ان کے سوانح حیات پر مطلع نہیں ہو سکے۔ لیکن رسالہ کا خاتمہ ان بہت سے القابات پر جن سے ان کو ملقب کیا گیا، مشتمل ہے۔ اُن سے ہم یہ دلالت پاتے ہیں کہ وہ کبار صوفیاء سے تھے اور شیخ و مرشد تھے۔

اور یہ رسالہ بذاتِ خود ان کی حیات پر کچھ روشنی ڈالتا ہے اور وہ یوں کہ مصنف فیروز آبادی (1) کا بیان ''ہمارے شیخ'' کے لفظ سے کرتے ہیں اور ذکر کرتے ہیں کہ انھوں نے اُن سے ۷۸۴ھ میں دھلی۔ اللہ اُسے محفوظ فرمائے۔ میں سماع کیا تھا اور فیروز آبادی کئی ممالک میں گھومے اور روم، ہند، یمن اور دمشق میں گئے اور زبید میں فوت ہوئے۔ تو یہ اشارہ دو امور میں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ پہلا یہ کہ ''قاری'' آٹھویں صدی میں تھے اور دوسرا یہ کہ انھوں نے ہند دیکھا تھا۔

''قاری'' یعنی مؤلف ذکر کرتے ہیں کہ انھوں نے اپنا یہ رسالہ یمن کے صوفی معزز برادر شیخ ابن رداد کی طرف بھجوایا، شیخ ابن رداد کا سوانح حیات بہت سے مؤلفین نے لکھا ہے، وہ عارف و عالم تھے اور یمن میں صوفیاء کی سرداری انھیں پر ختم تھی۔ ۷۴۸ھ میں پیدا ہوئے اور عمرِ دراز پائی۔ یہاں تک کہ ۸۲۱ھ میں وفات پا گئے اور ''قاری'' کا رداد کے بارے میں کہنا کہ وہ ''صنو'' (ساتھی، رفیق) تھے یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ دونوں ایک ہی

۱۔ ابوطاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی شیرازی (۱۳۲۹ء-۱۴۱۴ء/۸۱۱ھ) صاحب القاموس المحیط، بڑے عالم، فقیہ، اور لغوی تھے۔ عراق، شام، مصر، روم، ہندوستان اور یمن کی طرف سفر کیا اور زبید میں انتقال

Marfat.com

طبقہ کے صاحب ہیں۔ مگر ہمیں یہ معلوم نہیں کہ انھوں نے کس سال ان کو رسالہ بھجوایا تھا۔

یہ رسالہ انھوں نے مناقب ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ پر لکھا ہے اور اس میں دو باب بنائے ہیں۔ پہلا باب ان کے احوال کے گرد گھومتا ہے۔ جس میں انھوں نے ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت اور حیات کا پہلو واضح کیا ہے۔ اور پھر ان کے بارے میں علماء کا موقف ذکر کیا ہے۔[1] اور ان کو تین گروہوں میں متفرق کیا ہے، پہلا ان کے حامیوں کا ہے اور دوسرا ان کا جنھوں نے ان کے بارے میں خاموشی اختیار کی یعنی نہ تو ان کی تعریف کی اور نہ اُن پر طعن کیا اور تیسرا گروہ ان کا جنھوں نے ان پر طعن کیا اور ان کی تکفیر کی۔ ''قاری'' نے کوشش کی ہے کہ اس تیسرے گروہ کا سختی سے رد کرے اور اس گروہ کے زعم و کذب اور اس کی غلط تشہیر کو عیاں کرے جو ابن عربی کی کتب کے مطالعہ سے روکنے کے لیے کی گئی۔ اور یونہی وہ شیخ کے بارے میں دوسرے گروہ کے توقف پر متعجب ہوئے ہیں اور اسے ملامت کی ہے۔

انھوں نے ان تینوں گروہوں کے اقوال شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے لیے اپنے دفاع کو تقویت دینے کے لیے بیان کیے ہیں۔ اسی لیے انھوں نے جو کچھ شیخ کی حمایت و مخالفت میں ہے اس سارے کو اجمالاً بیان کر دیا ہے۔

یہ رسالہ ہمیں مختلف امور میں مفید ہے:

پہلا یہ کہ یہ رسالہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں دونوں گروہوں کی آراء کو پیش کرتا ہے اور اس اثر کو منعکس کرتا ہے جو اس فلسفی کے اقوال نے اس کے بعد آنے والی نسلوں کے لیے فقہاء و متصوفہ کی فکری حیات میں چھوڑا ہے۔

دوسرا یہ کہ یہ رسالہ ہمیں ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات کے بارے میں ایک نئی نص مہیا کرتا ہے، جو ان دونوں نصوص کی تصحیح کرتی ہے جن کو کورکیس عواد اور ابوالعلاء عفیفی نے نشر کیا

۱۔ اصل عبارت یوں ہے: ''جبکہ دوسرے میں ان کے بارے میں علماء کا موقف ذکر کیا ہے'' جو کہ محقق کا سہو ہے کیونکہ دوسرے باب میں شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات کا ذکر ہے۔

ہے۔

تیسرا یہ رسالہ نئی دستاویز ہے جو کہ ان مصادر سے مربوط ہے اس عظیم شخص کے مطالعہ میں مفید ہیں۔

چوتھا یہ رسالہ ان جھگڑوں کی خبر دیتا ہے جو ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے باعث یمن میں ہوئے، فیروز آبادی اور ابن خیاط کے مابین نزاع بھی ان میں سے ہے جن کی طرف بعض مصادر نے اشارہ کیا ہے۔

ہم نے یہاں یہ نہیں چاہا کہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ پر گفتگو کو وسعت دیں کیونکہ یہ مقدمہ ان کی حیات، فلسفہ و مذہب کے مکمل احاطہ کے لحاظ سے تنگ ہے۔ اس لیے ہم نے مطالعہ کے خواہش مند قاری کو مندرجہ ذیل اہم مصادر کی طرف متوجہ کرنے پر اکتفا کیا ہے اور ہم نے ان مصادر کا مکمل احاطہ نہیں کیا ہے بلکہ انتخاب کا قصد کیا ہے۔

ا۔ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی بعض تصانیف

ا۔ الفتوحات المکیۃ (بولاق ۱۲۹۳ھ)

۲۔ فصوص الحکم (ابو العلاء عفیفی پبلیکیشن، قاہرہ ۱۹۴۶ء)

۳۔ رسالۃ القدس (مخطوطہ، اسکوریال)

۴۔ رسائل ابن عربی (حیدر آباد ۱۹۴۸ء)

۵۔ اجازۃ ابن عربی للملک المظفر (اشاعت، عبدالرحمن بدوی)

۶۔ فہرست کتب ابن عربی (مخطوطہ، آصفیہ، حیدر آباد، و اشاعت کورکیس عواد، اور ابو العلاء عفیفی)

۷۔ ترجمان الاشواق (اشاعت، نیکلسون، لندن ۱۹۱۱ء) اور اس کی شرح "ذخائر الاعلاق" (بیروت ۱۳۱۲ھ)

Marfat.com

۲۔ بعض مصادر ساتویں صدی کے جس میں وہ زندہ تھے

۱۔ ابن الدبیثی (.......۶۳۷ھ) ذیل تاریخ بغداد (مخطوط، ہمارے اس رسالے میں اِس سے اقتباس ہے، ذہبی کی مختصر ملاحظہ کریں۔

۲۔ ابن النجار (.....۶۴۳ھ) ذیل تاریخ بغداد (مخطوط، ہمارے رسالے میں اِس سے نقل کیا گیا ہے)

۳۔ سبط ابن الجوزی (.....۶۵۴ھ) مرآۃ الزمان ۸:۷۳۶ (حیدرآباد)

۴۔ ابن الابار (.....۶۵۸ھ) تکملۃ الصلۃ ۱:۳۵۶ (مڈریڈ)

۵۔ ابوشامہ (....۶۶۵ھ) ذیل الروضتین ص ۱۷۰ (قاہرہ)

۶۔ النووی (....۶۷۶ھ) بستان العارفین (شذرات الذہب میں اِسی سے نقل کیا گیا ہے)

۷۔ القزوینی (.....۶۸۲ھ) آثار البلاد، ص: ۳۳۴ (طبعۃ وستنفلد)[1]

۳۔ آٹھویں صدی اور بعد کے کچھ مصادر

۱۔ الذھبی (....۷۴۸) تاریخ الاسلام (مخطوط)

۲۔ الذھبی، میزان الاعتدال ۳:۱۵۸ (قاہرہ ۱۳۵۰ھ)

۳۔ الذھبی، المختصر المحتاج الیہ من تاریخ بغداد لابن الدبیثی ۱:۱۰۲ (بغداد)

۴۔ الصفدی (.....۷۶۴) الوافی بالوفیات (مخطوط)

۵۔ ابن شاکر (.....۷۶۴) فوات الوفیات ۲:۳۰۱ (بولاق)

۶۔ الیافعی (.....۷۶۸) مرآۃ الجنان (قاہرہ)

۷۔ ابن کثیر (.....۷۷۴) البدایہ والنہایہ (قاہرہ)

۱۔ فردناند وستنفلد (Ferdinand Wustenfeld) (۱۲۲۳ھ-۱۳۱۷ھ / ۱۸۰۸ء-۱۸۹۹ء) جرمنی کے ایک بڑے مستشرق کا نام ہے۔

Marfat.com

۸۔ الخزرجی (....۸۱۲) العسجد المسبوک (مخطوط)

۹۔ ابن حجر (....۸۵۲) لسان المیزان ۵:۳۱۱...۳۱۵ (حیدرآباد)

۱۰۔ ابن تغری بردی (...۸۷۴) النجوم الزاهرة ۶:۳۲۹ (قاہرہ)

۱۱۔ الشعرانی (....۹۷۳) الطبقات الکبری ۱:۱۶۳ (قاہرہ)

۱۲۔ الشعرانی، الیواقیت والجواہر ۶:۱۴ (قاہرہ)

۱۳۔ المناوی (....۱۰۳۱) الکواکب الدریہ فی تراجم السادة الصوفیہ (مخطوط)

۱۴۔ المناوی، طبقات الاولیاء (مخطوط)

۱۵۔ ابن العماد (....۱۰۸۹) شذرات الذہب ۵ ۱۹۰...۲۰۲ (قاہرہ)

۱۶۔ المقری (....۱۱۳۴) نفح الطیب (اشاعت محی الدین)

۱۷۔ المقری ازہار الریاض (مخطوط)

۱۸۔ الخونساری (بارھویں صدی ہجری) روضات الجنات ۶۳۲...۶۳۷ (ایران)

۱۹۔ العظم (...۱۹۲۷) عقود الجوہر (۱۳...۳۹) (بیروت ۱۳۲۶)

۲۰۔ طہ عبدالباقی سرور۔ ابن عربی (قاہرہ ۱۹۵۵)

ان کی حمایت یا مخالفت میں لکھے گئے رسائل

۴۔ ان کی حمایت یا مخالفت میں لکھے گئے رسائل

۱۔ الواسطی (...۷۱۱) اشعة النصوص فی ھتک الفصوص (مخطوط)

۲۔ القاری البغدادی (آٹھویں صدی ہجری) الدر الثمین فی مناقب محی الدین (یعنی یہ رسالہ جو چھپا ہے)

۳۔ الفیروز آبادی (....۸۱۱) رسالة باسم الملک الناصر فی الرد علی الشیخ محی الدین (مخطوط)

Marfat.com

۴۔ التقی الف ۔ ۸۱) تحذیر النبیہ والغبی من الافتتان بابن عربی (مخطوط)

۵۔ الاہدل (....۸۵۵) کشف الغطاء عن حقائق التوحید وعقائد الموحدین (مخطوط)

۶۔ البقاعی (....۸۸۵) تنبیہ الغبی الی تکفیر ابن عربی (قاہرہ)

۷۔ السیوطی (....۹۱۱) تنبیہ الغبی بتبرئۃ ابن عربی (مخطوط)

۸۔ ابن میمون (....۹۱۷) تنبیہ الغبی فی تنزیہ ابن عربی (مخطوط)

۹۔ ابن میمون، تنزیہ الصدیق عن صفات الزندیق (مخطوط)

۱۰۔ الحلبی (....۹۵۶) تسفیہ الغبی فی تنزیہ ابن عربی (مخطوط)

۱۱۔ الشعرانی (...۹۷۳) القول المبین فی الرد عن محی الدین (مخطوط)

۱۲۔ القاری (...۱۰۱۴) فر العون من مدعی ایمان فرعون (مخطوط)

۱۳۔ النابلسی (....۱۱۴۷) الرد المتین علی منتقصی الشیخ محی الدین (مخطوط)

۱۴۔ النابلسی، شرح جواہر النصوص فی حل کلمات الفصوص (قاہرہ ۱۳۲۳)

Asin Palacios, Mohidin. in Homenaje a Menendez y Pelayo. Madrid 1899 : II, 217-256.

" " La Psicologia segun Mohidin Abenarabi Actes du XIV congres inter. des Orientalistes, Alger 1905. (vol 3, Paris 1907)

R. Nicholson, The Lives of Umar Ibnul Farid and Ibnul Arabi JRAS. 1906, P. 197

Asin Palacios, La Psicologia del extasis en dos grandes misticos musulmanes: Algazel y Mohidin Abenarabi en Cultura Espanola PP. 209-235. Madrid 1906

" " El Mistico murciano Abenarabi, in BRAH. Boletin de la Real Academia de la Histori

1. - Autobiografia cronologica. in vol LXXXVII, Madrid 1925 : pp. 96-173

Marfat.com

2. - Noticias Autobiograficas de su "Risalat al Cods (Vol LXXXVII, PP. 512-611)

3. - Caracteres generales de su sistema Vol LXXXVIII, 1926 PP. 582-637

4. - Su teologia y sistema del cosmos Vol XCII, 1928 PP. 654-751

" " El Islam cristianizado. Estudi del Sufismo a travers de las obras de Abenarabi de Murcia Madrid 1931 L'Islam Christianise -Title: Padre Barea and translated it in French, caracteres de la spiritualite d'Ibn Arabi De la Mystique d'Abenarabi, les etats, les demeures et les charismes. Toulouse 1931

M. A. Ayni, La quintessence de la philosophie de Ibn i Arabi. Paris 1925 (Geuthner)

A.E, Afifi, The Mystical Philosophy of Muhiy ed Din Ibn Arabi (Cambridge University Press, 1933)

A.Q. Husaini, Ibn al Arabi, the great Muslim mystic and thinker. La hore (Ashraf)

H. Corbin, L'imagination creatrice dans le Soufisme d'Ibn Arabi. Paris 1958 (Flammarion)

Brockelmann, GAL, S 1, 791

بیانِ مخطوطہ:

ہم نے اس رسالہ کی اشاعت میں مخطوطہ کے ہندی نسخہ پر اعتماد کیا ہے۔ یہ رسالہ خدا بخش لائبریری پٹنہ، بانکپور میں ۲۹۰۲ نمبر سے محفوظ ہے۔ جامعہ دول عربیہ کے ادارۂ مخطوطات نے ۱۹۵۲ء میں اس کی فوٹو کاپی کی، تو اس ادارہ سے ہم نے اس کی نقل لے لی۔ اور ڈھونڈنے پر معلوم ہوا کہ اب تک یہ ایک ہی مخطوطہ ہے۔ بروکلمان نے اپنی تاریخ میں اس کے علاوہ کسی اور کا ذکر نہیں کیا۔ ہم بھی دستیاب مراجع میں کسی دوسرے نسخہ پر مطلع

نہیں ہوئے۔

اس کے دس اوراق ہیں، جو نویں صدی کے خطوط میں سے خط نسخ میں لکھے ہوئے ہیں۔ایک صفحہ میں ۳۱ سطور ہیں اور ایک سطر میں ۱۵ سے ۱۷ کے مابین الفاظ ہیں اور اس نسخہ پر نہ تو کاتب کا نام ہے اور نہ ہی تاریخ کتابت۔ اس کی سطور میں کاتب نے خالی جگہ بھی چھوڑی ہے اور یونہی اس میں کتابت کی بہت سی غلطیاں ہیں۔ جس سے بہت تحریف و تصحیف ہوگئی ہے۔

ادارۂ مخطوطات کے نقل شدہ رسالہ میں پہلا صفحہ نہیں ہے اور رسالہ ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے:

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. الحمد للّٰہ العلیم القدیر الحکیم..........

اور مندرجہ ذیل الفاظ سے ختم ہوتا ہے:

ھذہ الدر الثمین فی محاسن الشیخ محی الدین رضی اللّٰہ عنہ تالیف الشیخ الکامل المکمل، العالم الفاضل المفضل، قدوۃ المحققین سراج العابدین و الزاھدین، شیخ الشیوخ العارفین المحققین قرۃ عین الصالحین، مفتاح معالم البدایۃ، وشرح صدور سر الھدایۃ، کشاف المعضلات، حلّال رموز المعانی المشکلات، الشیخ المرشد ابی الحسن علی بن ابراھیم بن عبداللّٰہ بن ابراھیم بن یوسف القاری البغدادی، نوّر اللّٰہ ضریحہ، ووالی من الرحمۃ فتوحہ. (آمین)

Marfat.com

طریقِ تحقیق:

ہم نے اس رسالہ کی تحقیق اپنے معروف قواعد کے مطابق کی ہے۔اس کے باوجود ناگزیر ہے کہ ہم دوامور واضح کردیں:

پہلا: ہم نے یہ ملاحظہ کیا ہے کہ مؤلف نے بہت سے علماء کے اقوال سے استشہاد کیا ہے۔اُن میں سے بعض اقوال طبع شدہ ہیں اور بعض مخطوط ہیں۔جب ہم نے ان کا ایک دوسرے سے موازنہ کیا تو ہم نے فرق، اور زیادتی و کمی پائی۔تو ہم نے حواشی کے عدمِ طوالت کے اپنے اصول کے برخلاف اپنے لیے یہ روا کرلیا کہ ہم ان اقوال کا حواشی میں ذکر کریں، بالکل ویسا ہی جیسا ہم نے انھیں مخطوط و مطبوع کتب میں پایا ہے اور یہ صرف اس لیے کہ قاری اقوال کا موازنہ کرسکے، اور دیکھے کہ خواہش و مذہب کے مطابق کس طرح کی تبدیلی وتحریف کی گئی ہے اور اس میں کیسا اضافہ اور کیسی کمی کی گئی ہے [1]۔ یہ وہ امر ہے جو ہماری قدیم نصوص کے مطالعہ کے وقت مؤرخ و باحث کے لیے بہت شک کرنے اور احتیاط برتنے کا داعی ہے۔

دوسرا: ہم نے اس رسالہ میں بہت سی نحوی غلطیاں اور تصحیف وتحریف پائی ہے۔اور غالب ترین گمان یہ ہے کہ یہ کاتب سے ہوئی ہیں، کیونکہ یہ تو معقول نہیں کہ مؤلف نحو میں غلطی کرے جبکہ وہ فیروز آبادی کا شاگرد ہو۔اسی لیے ہم نے جس کی تصحیح کی طرف راہنمائی پائی اس کو درست کردیا اور اکثر اوقات ہم نے اس کی نشاندہی نہیں کی، کیونکہ ہم نہیں چاہتے

۱۔ محقق نے جن اقتباسات کے اصل سے مختلف ہونے کا بتلایا ہے، ان میں سے ایک صفحہ [illegible] پر ہے جبکہ دو [illegible] صفحہ ۳۳ اور ۳۴ پر ہے، مصنف رحمۃ اللہ نے اس اقتباس میں تصرف کیا ہے، [illegible] عبارت میں [illegible] روایات کی وجہ سے تکرار لفظی ہے۔
تیسرا اقتباس جس کی طرف محقق نے اشارہ کیا ہے وہ صفحہ ۳۴ پر شیخ یافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، جس کی کافی تکمیل مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے فصوص الحکم سے اقتباس، شیخ قونوی رحمۃ اللہ علیہ اور اپنی تعلیقات کے [illegible] صفحہ [illegible] کردی ہے۔

Marfat.com

کہ حواشی میں کاتب کی غلطیاں شمار کریں۔ اور جس کی ہم نے حواشی میں نشاندہی کردی ہے وہ بطورِ مثال ہے۔ رہے وہ الفاظ جن کی تصحیح کی طرف راہنمائی ہم نہیں پا سکے تو ہم نے ان پر علامتِ استفہام ڈالی ہے۔ اور اُس شخص کا شکریہ جو ان پر راہنمائی پا کر ان کو درست کر دے۔

اور یونہی رسالہ ''قاری'' (مؤلف) کے اشعار پر مشتمل ہے، جو رکیک واقع ہوئے ہیں، ان میں سے بعض کا وزن درست نہیں، اور ہم نے انھیں کسی اور نص میں بھی نہیں پایا ہے کہ ان کو درست کر سکیں اس لیے ہم نے کسی دوسری نص کی موجودگی کی صورت میں، ان کی تصحیح کے انتظار میں ان کو ویسے ہی لکھ دیا ہے جیسے پایا ہے۔

بیروت ۱۹۵۹ء صلاح الدین المنجد
ستمبر

Marfat.com

پیش لفظ از مؤلف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وعلیہ نتو کل و بہ نستعین

(ہم اسی پر بھروسہ کریں اور اسی سے مدد مانگیں)

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو علیم، حکیم، خبیر ہے، جو نظیر، شبیہ، مثال اور صورت سے پاک ہے، جس کی مثل کوئی شئے نہیں، اور وہ سمیع و بصیر ہے۔ میں شکر ادا کرتا ہوں کہ اُس نے ہمیں خیر کثیر اور احسانِ کبیر سے نوازا، اور میں اپنی تمام تر کوتاہی کا اعتراف کرتے ہوئے اس کا شکر ادا کرتا ہوں۔

اور درود ہو اُن بشیر و نذیر، سراجِ منیر ہستی پر کہ تمام نبی اور رسول جن کی فضیلت کا اقرار کرنے والے ہیں اور جو پیدائش میں مقدم اور بعثت میں مؤخر ہیں یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر، جب تک کہ تاریک راتیں روشن رہیں اور روشن صبحیں

جگمگاتی رہیں۔

ترجمہ اشعار:

- اگر چہ وہ انبیاء کے بعد تشریف لائے تاہم تمام انبیاء کرام سے پہلے تھے۔
- انبیاء کرام ہدایت کی جماعت میں آپ کے خدام میں سے ہیں، خدام کے لیے کچھ عجیب نہیں کہ وہ آگے چلیں۔
- دین کی بنیاد کو اس کے ٹیڑھا ہونے کے بعد سیدھا کیا، جو کچھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدھا کیا تھا آپ کے بعد اُس میں ٹیڑھا پن پیدا ہوا۔

حمد وصلاۃ کے بعد یہ رسالہ جس کا نام میں نے ''الدر الثمین فی مناقب الشیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ'' رکھا ہے۔ اسے میں نے برادرِ عزیز، پناہ عظیم، شیخ شہاب الحق والدین، احمد بن رداد[1] یمن کے صوفی کی طرف بھجوایا ہے، کہ ان کے فضل کی آیتیں لکھی جارہی ہیں۔ جب تک روشن صبح جگمگاتی رہے ان کے علم کے جھنڈے قوت کے ساتھ لہراتے رہیں۔

میں اس میں ان کے احوال و اقوال کو ایجاز و اختصار کے ساتھ بغیر تفصیل وطوالت کے ذکر کروں گا کیونکہ ان کی عجیب سیرت اور منفرد آداب اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے جو ان پر اسباب البر کو سہل کیا اور ابواب الشر کو بند کیا وہ سب ان کی تصانیف میں مذکور ہے اور تالیفات میں مسطور ہے اور یہ زیادہ تر فتوحات مکیہ میں ہے۔

تو میں کہتا ہوں اللہ مددگار ہے اور اسی سے عرفان ملتا ہے۔ میں نے اس مختصر رسالہ کو دو ابواب میں تقسیم کیا ہے جو کہ بہت ضروری ہیں:

پہلا باب: ان کے احوال میں۔

دوسرا باب: ان کے اقوال میں۔

۱۔ ان کا ذکر، ص: ۶، ۷ پر بھی گزرا ہے۔

Marfat.com

پہلا باب

احوالِ ابن عربی رحمۃ اللہ

یہ باب ایسا ہے کہ ان کے قریبی اصحاب اور خاص احباب میں سے ایک جم غفیر اور جماعت کثیر نے اس کا اہتمام کیا ہے۔ میں عجز و تقصیر کو مانتے ہوئے اس کا تھوڑا سا ذکر کروں گا۔

نام ونسب

تو جان لو! اللہ اپنی توفیق سے تمھیں قوی کرے اور اپنی تحقیق سے تمھیں حق دکھائے۔ علماءِ تاریخ نے ذکر کیا ہے کہ وہ شیخ امام، قدوۃ الانام، عمدۃ الاحکام، نورِ بسیط، بحرِ محیط، صاحب مواہب الٰہیہ وعطایا قدسیہ، مفتیِ طریقین، حجت فریقین، سلطان العارفین، برہان المحققین، محی الملت والدین، ابوعبداللہ محمد بن علی بن محمد بن احمد بن علی حاتمی، طائی، اندلسی رحمۃ اللہ ہیں۔ ابن عربی رحمۃ اللہ سے مشہور ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم پر ان کے پاکیزہ وروشن اسرار کی برکات نازل فرمائے، جو دنیا و آخرت میں ہمیں صلاحِ احوال اور فلاحِ اقوال تک پہنچائیں۔

Marfat.com

حلیہ

قد لمبا تھا نہ چھوٹا تھا، گوشت نرم، شکم ان کا سختی و نرمی کے درمیان، رنگت سرخی و زردی مائل سفید، بال معتدل اور طویل، نہ تو سیدھے اور نہ ہی گھنگریالے، چہرہ لمبا، آنکھیں بڑی، مسوڑھے مضبوط، ان کے کولھوں اور پشت پر گوشت نہ تھا، آواز پست، صاف اور کڑک دار تھی، پورے لبے، ہتھیلی سیدھی، بغیر حاجت کے کم بولتے اور کم ہنستے تھے۔ ان کی طبیعت صفراء اور سوداء کی طرف مائل تھی۔ کثرتِ مطالعہ سے ان کی نظر کسی قدر کمزور ہو چکی تھی، نہ تو وہ تیز رفتار تھے اور نہ ہی ست رو تھے۔ علماء فراست کا اس پر اجماع ہے کہ یہ بہترین ہیئت اور درست ترین وضع ہے۔ یہ ہیئت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کے لیے ہی ثابت ہے۔

ولادت

ان کی پیدائش مرسیہ میں جو کہ اندلس کا ایک شہر ہے پیر کی شب، سترہ رمضان المعظم ۵٦٠ھ میں ہوئی تھی۔ انھوں نے وہیں پرورش پائی پھر اشبیلیہ منتقل ہوئے اور یہ ۵٦٨ھ میں اندلس کا دارالسلطنت تھا، وہاں وہ ۵۹۸ھ تک مقیم رہے۔ پھر بلاد مشرق گئے اور سب میں گھومے اور حج کیا اور بہت برس مکہ مشرفہ کی مجاوری کی اور وہیں فتوحات مکیہ وغیرہ جیسی کتابیں تصنیف کیں۔ جیسا کہ ابھی ذکر آئے گا۔

وہ اس زمانہ کے شاہان، شرفاء و رؤساء کی اولاد تھے ان کے والد حاکم اشبیلیہ سلطان الغرب [1] کے وزیر تھے۔ کسی بادشاہ نے جو ان کے والد کے اصحاب میں سے تھا، ان کو اور شہزادوں کی ایک جماعت کو دعوت پر بلایا۔ جب شیخ محی الدین رحمۃ اللہ اور وہ سب آگئے اور طعام سے اپنا نصیب لے چکے تو شراب کے پیالے ان کے لیے گردش میں آئے۔

١۔ غرب کے لفظ کا اطلاق سپین کے جنوب مغربی حصہ پر ہوتا تھا، خصوصاً جنوبی پرتگال پر۔

Marfat.com

دور شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچا اور انھوں نے اپنے ہاتھ سے پیالہ پکڑا اور پینا چاہا تو انھوں نے کسی کہنے والے کو کہتے سنا: اے محمد! آپ اس کے لیے نہیں پیدا کیے گئے، تو انھوں نے پیالہ پھینکا اور مدہوش نکل پڑے۔ جب اپنے گھر کے دروازے پر پہنچے تو انھوں نے دروازہ پر وزیر کی بکریوں کا چرواہا دیکھا، اُس پر گرد پڑی تھی جو ہر روز اُس پر ہوتی تھی تو وہ شہر سے باہر تک اُس کے ساتھ ہو لیے اور اُس کے کپڑے لے کر پہن لیے اور اپنے اُسے دے دیے اور چل پڑے یہاں تک کہ کچھ گھنٹوں بعد ایک مقبرہ تک پہنچے، وہ ایک بہتے دریا کنارے تھا تو انھوں نے مقبرہ میں ٹھہرنے کا ارادہ کر لیا۔ اس کے وسط میں انھیں ایک قبر ملی جو دھنس چکی تھی اور ڈھ چکی تھی اور چھوٹی سی غار مانند ہو چکی تھی۔ وہ اس میں داخل ہوئے اور ذکر میں مشغول ہو گئے وہ صرف نماز کے وقت باہر نکلتے تھے۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ میں اس مقبرہ میں چار دن قیام کیا، اس کے بعد میں ان تمام علوم کے ساتھ نکلا۔

پھر اس کے بعد بلادِ غرب کے علماء، صلحاء اور اولیاء سے ملے تو ہر ایک نے ان کی جلالتِ قدر کا اقرار کیا، اور ان کے نہی وامر کے تابع ہو گئے، اور ان کی علوشان اور رفعتِ مکان کا اعتراف کیا اور اگر انسان ان کے اور اُس وقت کے علماء کے درمیان ہونے والے محاضرات، مجالسات، مکاتبات اور مراسلات سے آگاہ ہوتا تو ان کے عجب احوال اور غریب اقوال کے سبب اس کا دل متحیر ہو جاتا اور عقل جاتی رہتی اور یہ سب ان کی تصانیف میں مذکور اور تالیفات میں مسطور ہے۔

پھر وہ مکہ مشرفہ گئے اور حج کیا اور پھر بلادِ روم میں گئے اور قطبِ وقت شیخ صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ سے شادی کی۔ انھوں نے شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر تکمیل علوم کی۔ مکہ مشرفہ میں ایک مدت تک مجاوری کے بعد وہ دمشق منتقل ہو گئے، جب کہ وہ

پھر ایک عرصہ اپنی وفات کی گھڑی تک، دمشق میں قیام کیا۔ ان عجیب تصانیف اور غریب تو الیف میں مصروف رہے جن کی طرز پر نہ تو تالیف ہوئی ہیں اور نہ ہی کوئی طبیعت ان کی مثل پر فیاض ہوئی، اور یہ پانچ سو سے زائد تصانیف ہیں ان کا ذکر دوسرے باب میں آئے گا۔

وصال

جب وہ جمعہ کی شب بائیس ربیع الثانی ۶۳۸ھ میں فوت ہوئے تو وہ ان کے جنازہ کے لیے یوم مشہود اور وقتِ مسعود تھا۔ دمشق کا حاکم جمہور امراء، وزراء، علماء اور فقراء کے ہمراہ جنازہ کے ساتھ پیدل چلا۔ اور دمشق میں کوئی باقی نہ رہا، ہر کوئی جنازہ کے ساتھ تھا بازار والوں نے تین دن اپنی دکانیں ان کی تعزیت کے لیے بند رکھیں۔

مدفن

انھیں دمشق کے محلہ صالحیہ میں، جبلِ قاسیون کے دامن میں محی الدین بن زکی کے مقبرہ میں دفن کیا گیا، اور اس پر ایک عظیم عمارت اور عمدہ مزار تعمیر کیا گیا۔ وہ اب تک ہر زمانہ اور ہر گھڑی میں خواص زمانہ کی زیارت گاہ ہے۔ اُس سے زائرین کے لیے مختلف اسرار ظاہر ہوتے ہیں اور قاصدین و حاضرین کے لیے خوشبوؤں کی بھڑک اطراف میں پھیلتی ہے۔ اُس مقام پر تمام اوقات اہل حاجت کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

آپ شیخ جلیل تھے، عالی القدر اور واسع الصدر تھے۔ علوم شرعیہ میں متمکن تھے، معارف حقیقیہ کے اسرار اور ان تمام علوم میں راسخ تھے جن میں فہم و عقل گرداں تھیں۔ وہ اپنے اہلِ زمانہ میں بے نظیر، اپنے ہمسروں میں نیک بخت اور اپنے ساتھیوں میں ممتاز تھے۔ ان کے زمانے میں کوئی ایسا نہ تھا جو ان کے مقابل آسکے یا ان تک پہنچ سکے۔

ان کے زمانہ میں اتنے علماء ابرار، متکلمین نُظّار، فقہاء احبار اور مشائخ کبار تھے کہ

اتنے کسی اور زمانہ میں نہ تھے۔ ان میں سے ہر ایک نے ان کے علم کا اقرار اور ان کے فضل کا اعتراف کیا۔ ہم نے نہیں جانا کہ فقہاء دہر اور علماء عصر میں سے کسی نے ان پر اعتراض کیا ہو، بلکہ وہ دور دراز ممالک سے نقل مکانی کر کے ان کے پاس آتے تھے کیونکہ وہ تمام نقلی و عقلی فنون کے امام تھے اور وہ فنون کے ماہرین و طالبین کے مقتدا تھے۔ قاضی و ملوک ان کی خدمت میں تھے اہل تصوف و سلوک ان کی سیرت و خصلت پر چلتے تھے۔

Marfat.com

لوگوں کا ابن عربی رحمۃ اللہ کے بارے میں موقف

لوگ ان کے بارے میں تین گروہوں میں منقسم ہیں:

پہلا گروہ: حمایتی

یہ وہ لوگ ہیں جو ان کے ہم عصر تھے، انہوں نے ان کا وصف ہر فضیلت سے کیا ہے، اور ان کو اپنے پر فوقیت دی ہے۔ جیسے امام فخر الدین محمد بن عمر بن حسین رازی رحمۃ اللہ اور شیخ امام شیخ مشائخ اسلام عز الدین بن عبد السلام رحمۃ اللہ، اور شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین عمر بن محمد سہروردی رحمۃ اللہ اور حضرت سعد الدین محمد بن مؤید حموی رحمۃ اللہ اور حضرت کمال الدین زملکانی رحمۃ اللہ اور مالکیوں کے قاضی القضاۃ اور حافظ ابن عساکر اور ابن نجار اور ابن دبیثی رحمۃ اللہ اور ملک العلماء اقضی القضاۃ ابو یحییٰ زکریا بن محمد بن محمود انسی قزوینی رحمۃ اللہ وغیرہ اتنے علماء و صالحین ہیں کہ ان کا شمار و احاطہ نہیں ہو سکتا۔

میں اختصار کے سبب ان کے ذکر سے رک گیا ہوں کیونکہ اگر میں ان کے ناموں کا اور جو شیخ کے ان کے ساتھ محاضرات و مراسلات ہوئے تھے ان کا ذکر شروع کروں تو میں ضرور ایجاز و اختصار کے التزام کی بجائے زیادت و کثرت کی طرف نکل جاؤں گا۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ (۱) جو ہیں، ان کا مخلوق سے انقطاع اور لوگوں سے علیحدگی کا سبب و بنیاد شیخ محی الدین رحمۃ اللہ اور ان کا امام رازی کے لیے ارشاد و راہنمائی فرمانا تھا۔ وہ یوں کہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کو یہ بات پہنچی کہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ ایک روز اپنے احباب اور خاص اصحاب کے ساتھ بیٹھے تھے تو اچانک وہ اس قدر روئے کہ قریب تھا کہ

۱۔ یعنی شیخ الاسلام فخر الدین محمد بن عمر رازی تیمی بکری، المتوفی ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء، معقول و منقول کے جامع، عربی و فارسی کے شاعر، صاحب تفسیر کبیر (مفاتیح الغیب)، المحصول فی الفقہ، فضائل الصحابہ، الاربعین فی اصول الدین، ابطال القیاس، الھندسہ، الملل والنحل، لب الاشارات، الطب الکبیر۔

Marfat.com

بیہوش ہو جاتے اور حاضرین خوفزدہ ہو گئے تھے، تو جب انھیں افاقہ ہوا اور انھوں نے اپنے آنسو ضبط کیے تو کسی ہم نشین نے رونے کا سبب دریافت کیا تو فرمایا: ایک مسئلہ کا اعتقاد میں تیس سال سے رکھتا تھا وہ اس گھڑی ایک دلیل کے ساتھ مجھ پر عیاں ہوا ہے، ظاہر یہ ہوا ہے کہ بات تو اس کے برعکس ہے جو میں جانتا ہوں تو میں رو پڑا اور اپنے آپ سے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ جو بات اب عیاں ہوئی ہے وہ بھی پہلی کی طرح ہو۔

جب شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو یہ بات پہنچی تو انھوں نے ان کے علومِ نظریہ سے اعراض، اور عنایاتِ الٰہیہ کی طلب اور ہر رابطہ کو قطع کرنے اور براہِ راست اللہ سے لینے کے لیے تنبیہ و توجیہ کا موقع غنیمت جانا۔ اس لیے انھوں نے امام فخر الدین رازی کے لیے اپنے علمِ مخفی سے ایک ایسا رسالہ لکھا، جس کا حق یہ ہے کہ آنکھوں کی سیاہی سے لکھا جائے۔ یہ رسالہ میرے پاس اور لوگوں کے پاس ہے۔ طوالت کا خوف نہ ہوتا تو میں اس کو ضرور ذکر کرتا تو یہ رسالہ ان کی گوشہ نشینی اور اپنے اقوال کو اپنے احوال کے مطابق بدلنے کا سبب تھا۔ رسالہ نے اُن پر غایت درجہ اثر کیا اور انھیں ہر خیرِ کثیر سے نوازا یہاں تک کہ وہ کہہ اُٹھے:

نهايةُ إقدامِ العقولِ عقالُ　　و أكثر سَعْيِ العالمين ضلالُ

و أرواحُنا في وَحْشَةٍ من جسومنا　　و حاصلُ دنيانا أذى و وَبالُ

ولم نَسْتَفِدْ من بحثنا طولَ عمرنا　　سوى ما جمعنا منه من قيل و قال

و كم قد رأينا من رجالٍ و دولةٍ　　فبادوا جميعًا مُسرِعينَ و زالوا

و كم من جبالٍ قد عَلَتْ شرفاتها　　رجالٌ فزالوا، والجبالُ جبالُ

ترجمہ اشعار

☆ عقل کی پیش قدمی کی انتہا بے بسی ہے اور ظاہری علم والوں کی زیادہ تر کوشش گمراہی ہے۔

☆ ہماری ارواح ہمارے جسموں سے وحشت محسوس کرتی ہیں اور ہماری دنیا کا ماحصل

Marfat.com

تکلیف اور مصیبت ہے۔

☆ ہمیں عمر بھر کی تلاش سے قیل وقال اکٹھا کرنے کے سوا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

☆ ہم نے کتنے ہی لوگ اور حکومتیں دیکھیں کہ سب کی سب تیزی سے ختم ہو گئیں اور ہلاک ہو گئیں۔

☆ اور کتنے ہی پہاڑ ہیں کہ جن کی بلندیوں تک لوگ پہنچے تو ہلاک ہو گئے اور پہاڑ پہاڑ ہیں۔

تو جو امام، شیخ مشائخِ اسلام، **شیخ عزالدین عبدالعزیز بن عبدالسلام** (۱) رحمۃ اللہ علیہ ہیں، ان کے بارے میں اقضی القضاۃ، مفید شہری و دیہاتی، مجد الدین فیروز آبادی (۲) نے اپنی اسناد سے جو شیخ عزالدین بن عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ کے خادم سے متصل ہے روایت کیا ہے، خادم نے کہا: ہم شیخ عزالدین رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے مجلسِ درس میں بیٹھے تھے "باب الردۃ" میں لفظ زندیق کا ذکر آیا تو حاضرین میں سے کسی نے پوچھا یہ لفظ عربی ہے یا عجمی؟ تو کسی نے جواب دیا یہ تو فارسی ہے اور معرب ہے، اس کی اصل زَن دین ہے یعنی عورتوں کا دین۔

میں (مؤلف) یہ کہتا ہوں: یہ درست نہیں ہے کیونکہ زَن کا لفظ فارسی ہے اور لفظِ دین عربی ہے۔ تو جو اُس فاضل نے ذکر کیا ہے وہ کیونکر صحیح ہو سکتا ہے؟ اس میں واقعہ صرف یہ ہے کہ مجوس کی ایک کتاب ہے جس کا نام "زند" ہے۔ اور اس لفظ کی وضاحت اس کو وضع کرنے والے پر ہی موقوف ہے، اُس نے اس کے معنی سے آگاہ نہیں کیا۔ اس کتاب کو مجوسیوں کے لیے زردشت منظرِ عام پر لایا تھا اور اس نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ یہ دعویٰ اجماع کے ساتھ باطل ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی

۱۔ وہ دمشق کے عالم ہیں، فقہ شافعی میں رتبۂ اجتہاد کو پہنچے ہوئے تھے، ائمہ کرام نے ان سے سندِ فراغت پائی، دور دراز سے طلبہ ان کا قصد کرتے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف تھے، مصر کے قاضی بھی رہے، ان کی وفات ۶۶۰ھ کو ہوئی۔

۲۔ ان کا ذکر ص ۶، حاشیہ ۱ میں گزرا ہے۔

دلیل ہے: ''انھیں اہل کتاب کا مقام دو یعنی نہ تو ان کے ذبیحے کھانے والے اور نہ ہی ان کی عورتوں سے نکاح کرنے والے'' یعنی مجوس کی۔ تو حاصل یہ ہے کہ جو اس کتاب کا پیرو ہوا، اس کا نام زندی ہوا۔ عربوں نے اس کے آخر میں ''قاف'' بڑھا لیا اور کہا ''زندیق'' تو یہ اس لفظ کے معرب ہونے کا سبب ہے۔

ہم اس فاضل کے کلام کی طرف لوٹتے ہیں زن دین یعنی عورتوں کا دین، تو یہ معرب کر دیا گیا، تو کہا گیا زندیق اور یہ وہ شخص ہوتا ہے جو ایمان ظاہر کرے اور کفر چھپائے۔

میں کہتا ہوں: یہ بھی درست نہیں ہے، اس لیے کہ جو ایمان ظاہر کرے کفر چھپائے اس کو زندیق نہیں کہا جاتا اس کو تو منافق کا نام دیا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ ''النفق'' سے مشتق ہے اور وہ یربوع (جنگلی چوہے) کے گھر کا دروازہ ہے۔ اس کے دو دروازے ہیں ایک نافقاء ہے اور دوسرا قاصعاء ہے۔ تو جب یربوع کو نافقاء سے بلایا جاتا تو وہ قاصعاء کی طرف نکلتا، اور جب قاصعاء سے بلایا جاتا تو وہ نافقاء کی طرف نکلتا۔ تو یونہی منافق سے جب کفر کا مطالبہ ہو تو وہ ایمان سے نکلتا ہے اور جب ایمان مانگا جائے تو وہ کفر سے نکلتا ہے۔

رہا زندیق، تو یہ وہ ہوتا ہے جو نور اور ظلمت کی بات کرے اور یہ ثنویہ کا مذہب ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو یزدان اور اہرمن[1] کی بات کرتے ہیں۔

تو جب اُس فاضل نے اپنی بات کہہ لی تو حاضرین میں سے کسی نے پوچھا جیسے کون؟ تو ایک شخص نے جو شیخ عز الدین رحمۃ اللہ کی طرف بیٹھا تھا کہا: جیسے دمشق میں ابن عربی رحمۃ اللہ تو شیخ عز الدین رحمۃ اللہ نہ تو بولے اور نہ ہی اس کا رد کیا۔

خادم نے کہا: میں اُس روز روزے سے تھا، اور شیخ عز الدین رحمۃ اللہ بھی روزے سے تھے تو اتفاق ہوا کہ انھوں نے اپنے ساتھ افطار کے لیے مجھے بلایا تو میں حاضر ہو گیا اور میں

۱۔ یزدان فارسیوں کے یہاں خیر کے معبود کو کہا جاتا تھا اور اہرمن شر کے معبود کا نام تھا یعنی شیطان۔

Marfat.com

نے اُن میں توجہ اور شفقت دیکھی تو پوچھا، اے آقا کیا آپ اس وقت کے غوث، قطب، بے مثل و جامع کو جانتے ہیں؟ تو شیخ نے فرمایا تمھیں اس سے کیا؟ کھاؤ تو میں جان گیا کہ وہ اس سے آگاہ ہیں میں نے کھانا چھوڑا اور کہا: خدا کے لیے مجھے بتادیں کہ وہ کون ہیں؟ تو وہ مسکرائے اور کہا: وہ شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ ہیں تو میں نے سکوت و حیرت میں سر جھکا لیا تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا: تمھیں کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا میں حیران ہو گیا ہوں انھوں نے دریافت فرمایا کیوں؟ میں نے عرض کیا: کیا آج اُس شخص نے جو آپ کی جانب بیٹھا تھا، شیخ محی الدین ابن عربی کے بارے میں نہیں کہا تھا جو اُس نے کہا تھا اور آپ خاموش تھے اور اس کا رد نہیں کیا؟

تو شیخ عز الدین بن عبد السلام رحمۃ اللہ علیہ مسکرائے اور کہا: خاموش وہ مجلسِ فقہاء تھی۔

میں کہتا ہوں: کہ فقہاء نے لاعلمی کی بنا پر جو اعتراض کیا شیخ عز الدین بن عبد السلام رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا عذر تفصیل سے بیان کیا ہے اور خادم کو شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے مرتبہ کی جلالت اور شان کی بلندی پر تنبیہ کر کے خادم کے لیے شیخ کا مقام واضح کیا ہے۔

اور جو شیخ شیوخِ اسلام، **شیخ شہاب الدین عمر بن محمد سہروردی**[1] رحمۃ اللہ علیہ ہیں یہ جب مکہ مشرفہ میں شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ سے ملے تو دونوں نے کچھ دیر باہم گفتگو کی۔ پھر جب وہ جدا ہوئے تو شیخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا آپ نے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو کیسا پایا؟ تو انھوں نے جواب دیا: میں نے انھیں بحرِ بے کنار پایا۔ اور شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ سے شیخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں پوچھا گیا آپ نے شیخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ کو کیسا پایا؟ تو انھوں نے جواب دیا میں نے انھیں صالح بندہ پایا۔

۱۔ شیخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ عارف و مسلک صوفی تھے، عبد القادر جیلی کے ساتھ رہے، ان کا تصوف میں بڑا مقام تھا، صوفیہ کے بہت سے سلسلوں سے مجاز تھے۔ ۵۹۷ ہجری میں خلیفہ ناصر نے دمشق کے ملک عادل کے یہاں سفیر بنا کر بھیجا اور ۶۱۴ ہجری میں خوارزم شاہ کے پاس۔ ان کی بہت سی مشہور تصانیف ہیں۔ ۶۳۲ ہجری میں انتقال ہوا۔

رہے شیخ محقق، مدقق، سعد الدین محمد بن مؤید بن عبداللہ بن علی بن حمویہ حموی[۱]، اللہ ان کی پاکیزہ روح کو مطہر کرے اور برکتیں نازل کرے۔ یہ جب شام سے اپنے وطن لوٹے تو معاصر اشراف اور خاص اصحاب نے پوچھا: آپ شام میں علماء میں سے کس کو چھوڑ کر آئے ہیں؟ تو شیخ رحمۃ اللہ نے کہا: میں نے وہاں ٹھاٹھیں مارتا سمندر چھوڑا ہے، جس کی نہ تو گہرائی میں انتہا ہے اور نہ ہی ساحل یعنی شیخ محی الدین رحمۃ اللہ۔

اور جو شام کے شیخ المشائخ، کمال الدین بن زملکانی ہیں، ان کا ذکر دوسرے گروہ میں اور دوسرے باب میں آئے گا[۲]۔

اور جو شافعیہ کے قاضی القضاۃ، قاضی شمس الدین خویی[۳] رحمۃ اللہ تھے وہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کی غلاموں کی سی خدمت کیا کرتے تھے اور یہ ان کی اپنی مرضی سے تھا جیسا چاہتے۔ وہ ہر روز ان کے پاس آنے اور ان کا چہرہ مبارک دیکھنے سے پہلے، ان کی طرف سے تیس درہم صدقہ کرتے تھے اور کہتے تھے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "**یایھا الذین امنوا اذا ناجیتم الرسول فقدموا بین یدی نجواکم صدقة**"[۴] اے ایمان والو! جب تم رسول ﷺ سے کوئی بات آہستہ عرض کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو۔

یونہی مالکیہ کے **قاضی القضاۃ**:[۵] انھوں نے آپ کا اپنی بیٹی سے نکاح کیا اور خود

۱۔ یہ بھی زاہد و عابد اور کبار متصوفہ میں سے تھے، مجاہدے اور ریاضتیں کیں، مغلوں کے عہد میں دمشق چلے گئے، اور ایک عرصہ رہنے کے بعد واپس اپنے وطن خراسان آگئے، جہاں تاتاریوں کی کثیر خلقت نے ان کے ہاتھوں اسلام قبول کیا، ان کا انتقال ۶۵۲ھ/۱۲۵۴ء میں ہوا۔ سفینۃ الابرار فی کنج الاسرار ان کی تصنیف ہے۔

۲۔ ملاحظہ کیجیے، ص ۳۸، ۶۸، ۶۹

۳۔ یہ کبار علماء سے تھے، دمشق کے چیف جسٹس بھی رہے۔ خویی آذربائیجان کے ایک شہر خوی کی طرف نسبت ہے۔

۴۔ سورہ مجادلہ ۵۸:۱۲

۵۔ یہ غالباً زین الدین زواوی رحمۃ اللہ ہیں جو دمشق میں مالکی مذہب کے پہلے قاضی القضاۃ تھے۔ ان کی سنہ وفات ۶۸۱ھ ہے۔

Marfat.com

سے آپ کی خدمت کا ذمہ لے لیا تھا۔

حافظ ابن عساکر[1] جو تاریخ دمشق وغیرہ خوبصورت تصانیف کے صاحب ہیں، یہ ان کے جملہ تلامذہ اور ان کی مجلس میں ہمیشہ حاضر رہنے والوں میں سے تھے۔

رہے **ابن نجار**[2] رحمۃ اللہ تو انھوں نے کہا: میں شیخ محی الدین رحمۃ اللہ سے دمشق میں ملا۔ میں نے انھیں امام، عالم، کامل، علوم میں تبحر اور حقائق میں راسخ پایا۔ میں نے اُن سے ان کی کچھ تصانیف لیں اور اُن سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے بتایا ''میں مرسیہ میں شب پیر، سترہ رمضان ۵٦۰ھ میں پیدا ہوا''۔ شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبدالواحد مقدسی[3] نے مجھے لکھا جبکہ میں (ابن نجار) اُس روز مقدس میں تھا اور وہ (مقدسی) دمشق میں تھے کہ شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ جمعہ کی شب بائیس ربیع الثانی ٦۳۸ھ میں وفات پا گئے ہیں۔

شیخ ابو عبداللہ مقدسی شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کے خاص اصحاب میں سے اور ان کی مجلس شریف میں ہمیشہ رہنے والوں سے تھے۔

رہے **ابن دُبیثی**[4] رحمۃ اللہ جو تاریخ وغیرہ عمدہ تصانیف کے صاحب ہیں، انھوں نے کہا: شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ بغداد آئے تو میں نے اُن سے ملاقات کی، میں نے انھیں ان کے وصف سے بھی اونچا پایا اور یہ کہ ان کا مقام و مرتبہ بیان نہیں کیا جا سکتا۔ میں نے اُن سے ان کی بعض تصانیف لیں۔ انھوں نے مجھے بتایا کہ انھوں نے حدیث نبوی ﷺ

۱۔ غالباً مؤلف کی مراد یہاں حافظ ابن عساکر متوفی ۵۷۱ھ کے بیٹے قاسم بن عساکر متوفی ٦۰۰ھ ہیں، اور یہ شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ کے شیوخ میں سے ہیں جیسا کہ شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ نے خود ذکر کیا ہے۔

۲۔ یعنی ابو عبداللہ محمد بن محمود، حافظ محب الدین ابن نجار رحمۃ اللہ۔ ان کا شمار کبار علماء حدیث میں ہوتا ہے، اور بہت سی تصانیف کے علاوہ ''تاریخ بغداد'' بھی ان کی تصنیف ہے۔ ان کا انتقال ٦۴۳ھ میں ہوا۔

۳۔ یعنی ضیاء مقدسی، یہ دمشق میں حنابلہ کے بڑے محدث علماء میں سے تھے۔ ٦۴۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۴۔ ان کا پورا نام محمد بن سعید دبیثی ہے۔ یہ مؤرخ بھی تھے اور محدث بھی، ٦۳۷ھ میں انتقال فرمایا۔

Marfat.com

کا سماع اشبیلیہ میں حافظ ابوبکر محمد بن خلف لخمی اور قرطبہ میں حافظ ابوالقاسم بن بشکوال (۱) رحمۃ اللہ علیہما سے کیا۔

ملک العلماء، اقضی القضاۃ، ابویحییٰ زکریا بن محمد بن محمود انسی قزوینی (۲) رحمۃ اللہ جو ہیں، انھوں نے اپنی کتاب جس کا نام ''آثار البلاد واخبار العباد'' ہے اور یہ بارہ جلدوں میں ہے، اس میں اشبیلیہ کے ذکر تک پہنچ کر کہا: ''یہ اندلس کا بڑا شہر ہے یہ اُن بلاد سے ہوا کی عمدگی، پانی کی حلاوت، مٹی کی قابلیت اور پیداوار واشیاء اور ہر نوع کے پھلوں کی کثرت اور خشکی و سمندر کے شکار ہر خصوصیت کے لحاظ سے ممتاز ہے۔ شیخ امام، عالم، فاضل، مکمل سلطان العارفین، محی الحق والدین ابوعبداللہ محمد بن علی بن محمد بن احمد بن علی حاتمی، طائی، اندلسی رحمۃ اللہ اسی شہر سے نسبت رکھتے ہیں۔ میں نے انھیں ۶۳۰ھ میں دمشق میں دیکھا۔ وہ شیخ، عالم، عارف، علوم شرعیہ اور حقیقیہ میں وسعت و گہرائی کے مالک تھے اور اپنے اہل زمانہ کے پیشوا تھے شان اور علوِ مقام میں ان کی کوئی مثال نہ تھی۔ ان کی تصانیف کثیر فوائد والی ہیں (۳)۔

شیخ رحمۃ اللہ نے مجھے بتایا کہ اشبیلیہ شہر کے کسی راستے میں کھجور کا درخت تھا، جو راہگیروں پر جھک گیا، تو لوگوں نے اس کے کاٹ ڈالنے کی بات کی۔ یہاں تک کہ انھوں نے اُسے اگلے دن کاٹنے کا عزم کرلیا۔ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ نے کہا: میں نے اُس رات نبی کریم ﷺ کو اُسی کھجور کے پاس کھڑے دیکھا اور وہ آپ سے شکایت کررہی تھی اور کہہ رہی

۱۔ ابن بشکوال یعنی حافظ ابوالقاسم خلف بن عبدالملک (۱۱۰۱ء-۱۱۸۳ء) اندلس کے قاضی، مؤرخ اور آخری محدث تھے، اشبیلیہ میں پیدا ہوئے اور قرطبہ میں انتقال فرمایا۔ ان کی تصانیف پچاس شمار کی گئیں، جن میں سے ''الصلۃ فی تاریخ ائمۃ الاندلس'' اور ''الغوامض والمبھمات من اسماء رجال الحدیث'' معروف ہیں۔

۲۔ ''اَنَسی'' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی طرف نسبت ہے۔ یہ فقیہ، مؤرخ، جغرافیا دان اور واسط اور حلہ کے قاضی تھے۔ ''عجائب المخلوقات وغرائب الموجودات'' ان کی تصنیف ہے۔ ان کا انتقال ۶۸۲ھ/ ۱۲۸۳ء میں ہوا۔

۳۔ اس اقتباس میں کچھ الفاظ اصل عبارت سے مختلف ہیں۔

Marfat.com

تھی: ''یارسول اللہ ﷺ! لوگ مجھے کاٹنا چاہتے ہیں کیونکہ میں نے ان کی گذر بند کردی ہے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا دستِ مبارک اُس کھجور پر پھیرا تو وہ سیدھا ہو گیا جب میں بیدار ہوا تو میں اُس کھجور کے درخت کی طرف گیا تو میں نے اُسے سیدھا پایا۔ میں نے یہ بات لوگوں سے ذکر کی تو وہ متعجب ہوئے اور اُسے زیارت گاہ اور برکت پانے کی جگہ بنالیا''۔

تو یہ وہ علماء ہیں جو ان کے ہم عصر تھے، انھوں نے ان کا ذکر ہر فضیلت سے کیا ہے، اور ہر علم کو اُن سے منسوب کیا ہے۔ ہم نے ان میں سے صرف تھوڑوں کا ذکر کیا ہے، جبکہ وہ انبوہ کبیر اور جماعت کثیر ہیں اگر میں ان تمام کا تفصیل سے ذکر کرتا تو یہ باب لمبا ہو جاتا اور ہم اس اختصار سے جس کا ہم نے اپنے آپ کو پابند کیا تھا، تفصیل کی طرف نکل جاتے۔ البتہ میں بغیر تفصیل کے اختصار کے ساتھ ایک حکایت ذکر کرتا ہوں جو افضل ٹھہرانے پر دلالت کرتی ہے، ان کے لیے دلیل چنتی ہے اور غیظ کا مداوا کرتی ہے۔

ان کے احوال کا اہتمام کرنے والوں اور ان کے محاسنِ آثار میں دقت نظر سے کام لینے والوں میں سے کسی نے ذکر کیا ہے کہ حاکم اشبیلیہ نے مکہ مشرفہ میں بہت زیادہ مال بھیجا اور وکیل کو تاکید کی اس مال کو وہ تقسیم کرے جو تمام روئے زمین میں ممتاز ہے۔ اتفاق تھا کہ اس سال مکہ مشرفہ میں مشائخ، علماء، فقہاء، اور علوم کے تمام اصحابِ فن اس قدر اکٹھے ہوئے کہ جو کسی زمانہ میں نہیں ہوتے۔ اور یہ وہی سال تھا جس میں شیخ شہاب الدین سہروردی اور شیخ محی الدین رضی اللہ عنہما کی ملاقات ہوئی۔ اور ہر دو نے اپنے ساتھی کے بارے میں کچھ کلمات کہے۔ ہر ایک نے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ پر اجماع کیا کہ ان کے علاوہ کوئی اور مال تقسیم نہیں کرے گا۔ اس لیے انھوں نے مال تقسیم کیا اور جب اُس سے فارغ ہوئے تو کہا: اگر اجماع توڑنے کا خوف نہ ہوتا تو میں تقسیم نہ کرتا۔ اُن تک رسائی پانے والے کسی ساتھی نے پوچھا: اے میرے حضرت کیوں! انھوں نے جواب دیا: اس سے اللہ کی رضا مطلوب نہ تھی بلکہ دوسروں پر فخر مطلوب تھا۔ اُس نے عرض کی: مجھے یہ وضاحت سے بتائیں۔ تو

انھوں نے بتایا: کہ حاکم غرب یہ چاہتا تھا کہ وہ میری وجہ سے تمام شاہانِ ارض پر فخر کرے، جبکہ وہ یقیناً جانتا تھا کہ اسے میں ہی تقسیم کروں گا تو اُس نے اللہ کی رضا نہ چاہی بلکہ اس سے دوسروں پر فخر چاہا۔ اس محفل کی خبر حاکم اشبیلیہ کو پہنچی تو وہ رو پڑا اور کہا: شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے سچ کہا ہے میں یہی چاہتا تھا۔

دوسرا گروہ: غیر جانبدار

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں خاموشی اختیار کی کیونکہ ان لوگوں نے ان کے معانی کے حقائق کو اور ان کے حروف کے مقاصد کو نہیں سمجھا۔ اور یہ بڑا گروہ ہیں میں ان میں سے کچھ کا ذکر کرتا ہوں۔ جیسے شیخ ابو الحسن علی بن حسن خزرجی زبیدی یمنی، شیخ عماد الدین بن کثیر دمشقی، شیخ عبداللہ بن اسعد یافعی، اور شیخ محی الدین نواسۂ ابو الفرج بن جوزی بغدادی رحمۃ اللہ علیہم۔

ابو الحسن خزرجی [1] نے اپنی کتاب ''العسجد المسبوک'' میں ذکر کیا ہے جب وہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر پر پہنچے تو کہا: ''وہ شیخ امام، عالم، فاضل، کامل، بارع، ولی اللہ، ابو عبداللہ محمد بن علی بن احمد حاتمی طائی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے لقب والے اور ابن عربی کی شہرت والے ہیں۔ اپنے زمانہ کے یکتا اور ہمسروں میں یگانہ تھے۔ اہل وحدت کے شیخ تھے۔ وہ پیر کی شب سترہ رمضان ۵۶۰ھ میں اندلس کے شہر مرسیہ میں پیدا ہوئے، وہیں پرورش پائی۔ ۵۶۸ھ میں اشبیلیہ منتقل ہو گئے اور ۵۹۸ھ تک وہیں قیام کیا۔ پھر بلاد مشرق میں داخل ہوئے اور بہت سارے ممالک میں گھومے جیسے مصر، شام، موصل دیارِ بکر اور خراسان۔ دو مرتبہ بغداد گئے، ایک مرتبہ وہاں بارہ دن قیام کیا اور ایک مرتبہ حج پر جانے کے لیے وہاں آئے۔ روم میں سکونت اختیار کی اور شیخ صدر الدین قونوی محمد بن اسحاق بن

۱۔ یعنی یمنی مؤرخ علی بن حسن خزرجی، جن کا انتقال ۸۱۲ھ میں ہوا۔

یوسف بن علی قونوی (۱) رحمۃ اللہ علیہ جو کہ علوم لدنیہ اور اسرارِ ربانی کے صاحب تھے، ان کی والدہ سے شادی کی۔ شیخ قونوی نے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ سے تکمیلِ علوم کی، اور وہ ان کے ممتاز اور خاص اصحاب میں سے تھے۔ پھر شیخ محی الدین مکہ مشرفہ منتقل ہو گئے اور وہیں سکونت کر لی۔ وہاں بہت سی تصانیف تحریر کیں جن کے ذکر کی ضرورت نہیں اس لیے کہ ان میں کچھ اضطراب ہے جو جمہور کے مخالف ہے، خاص کر ان کی کتاب فصوص الحکم۔ یہ ان کی سیرت میں سے کچھ ذکر ہے اور ان کے بھید اللہ زیادہ جانتا ہے اور میرا اعتقاد ان کے بارے میں سکوت ہے۔"

شیخ عماد الدین بن کثیر (۲) جب اپنی کتاب البدایہ والنہایہ میں شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر تک پہنچے تو ان کے سوانح میں کہا: "وہ شیخ امام محی الدین ابو عبداللہ محمد بن علی بن احمد بن علی حاتمی طائی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ ہیں، ابن عربی سے مشہور ہیں۔ وہ شیخ جلیل، عالی مرتبت، رفیع الشان، علوم شرعیہ میں راسخ، اسرار حقیقیہ میں متمکن تھے۔ تمام علوم میں تقدم کا اشارہ انہیں کی طرف ہوتا تھا۔ ریاضتوں، مجاہدوں اور کثرتِ سفر میں بھی یقیناً انھیں کو تقدم حاصل تھا۔ انھیں کے لیے اجتماع الناس تھا، خدام تھے، قلوب میں ہیبت تھی۔ وہ کئی بلاد گھومے، اور مکہ مشرفہ میں مقیم ہوئے اور وہاں کثیر کتب تصنیف کیں۔ ان میں سب سے عظیم بیس جلدوں میں ان کی کتاب "فتوحات مکیہ" ہے۔ اس کتاب میں کچھ معقول اور کچھ نا معقول ہے۔ کچھ کا انکار ہے کچھ کا نہیں۔ بعض معروف اور بعض غیر معروف ہے۔ پھر وہ دمشق منتقل ہو گئے اور وہاں بہت ساری کتابیں تصنیف کیں۔ ان میں سے عمدہ ترین ان کی کتاب فصوص الحکم ہے۔ اس کے کچھ حقائق کو قبول ملا اور کچھ کو رد کیا گیا۔ ان کی بہت سی تصانیف اور انتہائی عمدہ

۱۔ انہوں نے ۶۷۳ھ/۱۲۷۵ء میں انتقال فرمایا، شافعی المذہب تھے۔ "إعجاز البيان في تفسير أم القرآن" تصنیف کی۔

۲۔ یعنی مشہور مورخ، فقیہ، محدث، ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر بصروی دمشقی۔ ان کا انتقال ۷۷۴ھ میں ہوا۔ ان کے ابن تیمیہ سے روابط تھے۔

Marfat.com

اشعار والا دیوان اہلِ تصوف کے طریق پر ہے۔ بائیس ربیع الآخر ۶۳۸ ھ کی رات دمشق میں فوت ہوئے۔ قاضی محی الدین بن زکی کے مقبرہ میں، دمشق کے مقامِ صالحیہ میں، جبل قاسیون کے دامن میں دفن کیے گئے ان کا جنازہ اچھا تھا اور جمعہ کا روز تھا۔ میرا مذہب ان کے بارے میں خاموشی ہے۔"(۱)

اور جو عبداللہ بن اسعد یافعی رحمۃ اللہ علیہ (۲) ہیں، انھوں نے اپنی تاریخ میں شیخ شمس الدین ذہبی، حافظ شام، صاحبِ تاریخِ اسلام سے حکایت کرتے ہوئے ذکر کیا ہے: کہ انھوں نے جب شیخ محی الدین کا ذکر کیا تو ان کے سوانح حیات میں کہا: وہ شیخ، امام، زاہد، ولی، بحرالرائق والفنون، مفید علوم والے، مبارک تصانیف والے، ابوعبداللہ محمد بن علی بن محمد بن احمد بن علی حاتمی طائی اندلسی، اور محی الدین سے ملقب، ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ سے مشہور ہیں۔ وہ علوم کا ایک عظیم پہاڑ تھے جس کا دامن پختہ اور اونچائی بہت بلند تھی۔ ان کے فن میں کوئی ان کا نظیر نہ تھا اور نہ ہی ان کے زمانے میں کوئی ان کے مشابہ تھا۔ وہ حج کے بعد بلادِ روم میں منتقل ہو گئے اور قطبِ وقت شیخ صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ سے شادی کی۔ شیخ قونوی علوم لدنیہ اور اسرار ربانیہ کے صاحب تھے۔ انھوں نے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ سے تکمیلِ علوم کی۔ اور یہ ان کے بڑے خاص اصحاب میں سے تھے، شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو

۱۔ یہ اقتباس لفظی نہیں، تصرف کے ساتھ ہے، جیسے "وہ شیخ جلیل، عالی مقام...... قلوب میں ہیبت تھی۔" یہ عبارت زائد ہے۔ یونہی جو ذکر نہیں ہوئیں وہ عبارات کچھ یوں ہیں: ان کی ایک "فصوص الحکم" کے نام سے کتاب ہے، اس میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو ظاہر اًصریح کفر ہیں۔ ان کی ایک کتاب "عبادلہ" ہے...... بنوزکی ان (شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ) کی اپنی جانوں سے حفاظت کرتے، ان کی تکریم میں تقریبات کرتے اور ان کے تمام اقوال کو محتمل جانتے۔ ابو شامہ نے کہا:...... کتابوں کی تصنیف ان کے لیے بہت سہل تھی...... ابن سبط نے کہا: وہ فرمایا کرتے تھے کہ انہیں اسم اعظم یاد ہے اور یہ کہ وہ کیمیا بطریق منازلہ جانتے ہیں نہ کہ بطریق کسب۔

۲۔ یہ صوفی تھے اور حرم مکہ کے شیخ تھے۔ انھوں نے ہجرت کے آغاز سے تاریخ لکھی، ۷۶۸ ھ میں انتقال فرمایا۔

Marfat.com

ایک امر عظیم سے متہم کیا گیا اور میں یہ خیال نہیں کرتا کہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ نے جھوٹ کا کوئی قصد کیا۔ (۱)

حافظ شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا وہ کلام ختم ہوا جسے شیخ عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حکایت کیا تھا۔

میں کہتا ہوں: وہ امر عظیم جس سے شیخ محیی الدین رحمۃ اللہ علیہ کو متہم کیا گیا وہ یہ ہے جس کو شیخ نے الفصوص کے دیباچہ میں ذکر کیا ہے (۲) اس کا ترجمہ یہ ہے: حمد وصلاۃ کے بعد بیشک

۱۔ یہ اقتباس اصل سے مختصر اور مختلف ہے۔ اس کا بقیہ مصنف نے صفحہ ۳۸ پر دیا ہے، اصل عبارت درج ذیل ہے: محی الدین ابن عربی ابوبکر محمد بن علی طائی حاتمی مرسی، صوفی، نزیل دمشق، صاحبِ تصانیف کا وہیں انتقال ہوا۔ میں کہتا ہوں: یہ حافظ شمس الدین ذہبی کے تحریر کردہ سوانح ہیں، جس میں وہ مزید لکھتے ہیں: کہ وہ (شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ) وحدتِ وجود کے قائلین کے پیشوا تھے۔ ۵۶۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ابن بشکوال اور ایک جماعت سے روایت کی، مختلف ممالک گئے، روم میں ایک عرصہ رہے۔ پھر کہا: انھیں ایک امر عظیم سے متہم کیا گیا۔ میں کہتا ہوں: ذہبی کے سوانح اور ان کے کلام میں عظیم طعن وقدح (بڑے اتہام وبہتان) والے اس اعتقاد کی طرف اشارہ ہے جو اکثر فقہاء (علمائے ظواہر) رکھتے ہیں۔
اس کے برعکس صوفیہ کی جماعت نے ان کی مدح کی۔ کچھ فقہاء (علمائے ظواہر) نے ان کی شاندار الفاظ میں ستائش کی، ان کے کلام کی کرامت والی مدح کی اور بلند درجات سے ان کا وصف بیان کیا، ان کی کرامات اس قدر ذکر کیں کہ ان کا ذکر طویل ہے۔ ان کے لطیف وغریب اشعار ہیں، طریف وعجیب اخبار ونوادر ہیں۔ متہمین کے سب سے بڑے طعن کی وجہ ان کی کتاب ''فصوص الحکم'' ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ امام علامہ ابن زملکانی نے اس کتاب مذکور کی شرح کی ہے اور ایسی توجیہ کی ہے جس سے اس کی نفی ہوئی جسے ممنوع گمان کیا جاتا ہے اور خطرے میں پڑنے کا خوف ہوتا ہے۔
ذوق اور اچھی فہم والے بعض علماء صالحین نے مجھے بتایا ہے کہ شیخ ابن عربی کے مذکور کلام کی تاویل بعید ہے۔ کہا جاتا ہے کہ شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ اور امام شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات ہوئی، ہر ایک نے دوسرے کو دیکھا اور بغیر کسی گفتگو کے جدا ہو گئے۔ تو شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ سے شیخ شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: سرتاپا سنت کا سراپا ہیں، اور ان کے بارے میں شیخ شہاب رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا تو کہا: حقائق کا سمندر ہیں۔
میں کہتا ہوں: میں نے اپنی بعض کتابوں میں ان کے بارے میں ذکر کیا ہے کہ جو ان کی تکفیر میں اختلاف کرتا ہے، تو ان کے بارے میں میرا مذہب خاموشی ہے، اور ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔

۲۔ مقدمہ فصوص الحکم ملاحظہ کیجیے۔

Marfat.com

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بابرکت خواب میں دیکھا۔ میں نے اس خواب کو محرم کے آخری عشرہ میں ۶۲۷ھ میں محروسۂ دمشق میں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: یہ کتاب "فصوص الحکم" ہے اس کو لو اور لوگوں کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ اس سے منتفع ہوں۔ میں نے عرض کیا: سننا اور اطاعت بجالانا اللہ اور اس کے رسول اور اولوالامر کے لیے ہے جیسا کہ ہمیں امر ہے۔ تو میں نے آرزو کو پورا کیا، اور نیت کو خالص کیا، اور قصد و ہمت کو مجرد کیا بغیر زیادت و کمی کے اس کتاب کو ویسی ہی نکالنے کے لیے جیسی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے مقرر کی تھی۔

اور میں نے اللہ سے سوال کیا کہ وہ مجھے اس کام میں اور میرے تمام احوال میں مجھے اپنے ان بندوں میں سے بنادے کہ شیطان کو ان پر کوئی اختیار نہیں۔ اور یہ کہ وہ تمام جس کو میری انگلیاں رقم کریں، اور میری زبان ادا کرے، اور میرے خیال جس کے گرد گھومیں ان میں مجھے امتیاز سے نواز دے، میرے دل میں القاء سبوحی اور نفثِ روحی کر کے اور محکم تائید کے ذریعے، تاکہ قلب ترجمان ہو نہ کہ اپنی مرضی سے تصرف کرنے والا، اور تاکہ اہل اللہ سے جو اربابِ قلوب اس کو جانیں وہ اس کی حقیقت کو پہچان جائیں کہ یہ تقدس کا وہ مقام ہے جو ان نفسانی عوارض سے پاک ہوتا ہے جن میں تلبیس کا دخل ہو سکتا ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ حق ہوگا، اس لیے کہ اُس نے میری دعا اور میری پکار قبول کی۔ تو میں القاء نہیں کر رہا مگر جو مجھے القاء کیا گیا، اور میں اس کتاب میں نہیں اتار رہا مگر وہ جو مجھ پر اس کے ساتھ اتارا جا رہا ہے، اور نہ تو میں نبی ہوں اور نہ رسول مگر میں وارث ہوں اور اپنی آخرت کے لیے کسب کرنے والا ہوں۔

شیخ رحمۃ اللہ کا کلام ختم ہوا۔

تو اہل ظاہر کی اکثریت نے شیخ رحمۃ اللہ کو تہمت دینا شروع کی کیونکہ انھوں نے خواب پر طعن کی کوئی راہ نہ پائی کیونکہ وہ مانے جانے کا تقاضا کرتی تھی تو انھوں نے دیکھے ہوئے

میں طعن کر دیا اور یہی حافظ شمس الدین ذہبی کے قول کا معنی ہے۔ جس کو شیخ عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اُن سے حکایت کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: میری عمر کی قسم! انھوں نے انصاف نہیں کیا، کیونکہ انھوں نے ان کو پہچانا نہیں تو بیشک شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف پاتے، اور دار آخرت کی طرف لوٹ جانے والوں میں سے جس کی آرزو کرتے، رات اور دن میں اپنی حسبِ منشا۔ قطب وقت صدر الدین قونوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف فکوک النصوص میں اُن سے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

انھوں نے کہا: میں نے یہ ایک سے زیادہ مرتبہ آزمایا ہے کہ وہ ان استعدادوں کا مشاہدہ کرتے تھے کہ لوگوں کے لیے جن کی جزئیات وکلیات ہی ہوتیں۔ اور ان کے نتائج اور ان میں سے ہر استعداد کے، ہر انسان کے شقاوت یا سعادت کے مرتبہ میں، انجام کے اخیر تک، بڑھنے کا مشاہدہ کیا کرتے تھے۔ اسی لیے ان کا آگاہ کرنا، اُس خاص نظر کے تابع ہوتا جس سے وہ شخص کو دیکھتے جو بھی شخص ہوتا، اور ان کا نگاہ رکھنا بھی، اس کے حال کی حقیقت پر اور اس کے نقص یا کمال کے مرتبہ میں ان حالات پر جن کا وہ اپنے انجام میں ٹھہراؤ تک سامنا کرے گا۔ پھر خبر کرتے تھے اور غلط نہ کرتے تھے۔ میں نے اس کا اُن سے مشاہدہ ایک سے زیادہ بار کونی امور میں قضایا الٰہیہ کے علاوہ قضیہ میں کیا ہے۔ میں قدر کے بھید پر اور اشیاء پر حکم الٰہی کی اصل پر اللہ کے فضل کے بعد، ان کی برکت سے مطلع ہوا۔ تو انھوں نے مجھے اس کے بعد جو فیصلے میں کرتا تھا ان کے ٹھیک اور درست ہونے کی خوشخبری دی۔ تو میں نے اس دریافت کرنے اور اسے پانے کی نسبت کہ ارادہ جس کے وقوع سے تعلق رکھتا ہے، اس اعلیٰ کشف کے باعث کی طرف کی۔ پس نہ تو امر مجھ پر منقطع ہوا اور نہ ہی حکم منسوخ ہوا۔ اور سب تعریفیں اُس اللہ ہی کو ہیں جو انعام کرنے والا، فضل کرنے والا اور اکرام دینے والا ہے۔

Marfat.com

شیخ صدرالدین قونوی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام ختم ہوا۔

ہم شیخ عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی طرف لوٹتے ہیں، انھوں نے کہا: شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کی تصوف اور تمام علوم میں تصانیف ہیں اور لطیف اشعار ہیں اور عجیب اخبار ہیں اور طعن زن اصحاب نے زیادہ تر ان کی کتاب فصوص الحکم کے بارے میں طعن کیا ہے۔ اور مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ امام، شیخ مشائخ اسلام کمال الدین زملکانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی کامل شرح کی ہے اور کافی وضاحت اور بھرپور توجیہ کی ہے اور علماء صالحین میں سے بعض نے مجھے یہ خبر دی ہے کہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی تاویل بعید ہے۔

شیخ عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میرا ان کے بارے میں مذہب خاموشی ہے۔

رہے **شیخ نواسۂ ابوالفرج ابن الجوزی** (۱)، تو انھوں نے کہا ہے کامل، فاضل اپنے زمانہ کے شیخ اور اپنے وقت و زمن میں یکتا تھے۔ تمام شرعی اور حقیقی علوم میں اور ان کے علاوہ تمام فنونِ علم میں ان کی کوئی نظیر نہ تھی۔ ان کی بہت سی تصانیف و توالیف تھیں کہ جن کے انداز پر کسی نے تالیف نہیں کی۔ اور انھیں اسم اعظم یاد تھا اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ کیمیا جانتے تھے، مقام و منزلت کے طور پر نہ کہ کسب و کمائی کے لیے۔ اور وہ طریقِ تصوف میں اور دیگر میں فاضل تھے۔ لوگوں کے ان کے بارے میں بہت اقوال ہیں اور میرا مذہب ان کے بارے میں خاموشی ہے اور اللہ زیادہ جانتا ہے۔

میں کہتا ہوں: انھوں نے اپنے اس قول میں کہ ''ان کو اسم اعظم یاد تھا'' انصاف نہیں کیا۔ جبکہ وہ بنفس خود اسم اعظم تھے کیونکہ انسان جب مکمل ہو جائے تو وہ اسم اعظم ہو جاتا ہے کیونکہ اسم اعظم سے مراد ہے قبولیت کی سرعت۔ اور قطب وقت شیخ صدرالدین

۱۔ شیخ سبط ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۸۶ھ میں بغداد میں پیدا ہوئے، دمشق میں تعلیم و وعظ میں مشغول ہوئے، وہیں ۱۲۵۷ھ میں وفات پائی۔ ابتدا سے ۱۲۵۶ھ تک کے ذکر پر مشتمل مرآۃ الزمان في تاريخ الأعيان لکھی، اس کی چالیس جلدیں ہیں۔

Marfat.com

قونوی رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ سے ذکر کیا ہے کہ انھوں نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بابرکت خواب میں دیکھا تو آپ نے مجھ سے فرمایا اے محمد بے شک اللہ تعالیٰ تیری جانب تیری دعاء سے بھی زیادہ تیزی فرماتے ہیں اور یہ حکایت شیخ صدر الدین کی تصنیف نصوص الفصوص میں ہے۔

میں کہتا ہوں: انھوں نے اپنے اس قول میں بھی انصاف نہیں کیا ''وہ کیمیا جانتے تھے'' اس لیے کہ ان کی ذات کیمیاء تھی کہ کیمیاء کی حقیقت اہلِ صنعت کے یہاں آنکھوں کا پلٹنا ہے، یہاں تک کہ اکسیر کے سبب سیسہ چاندی میں اور تانبا سونے میں بدل جائے۔ شیخ اپنے زمانہ کے اکسیر تھے، اور اپنے وقت کے کیمیاء تھے۔ یہ طویل ذکر ہے کہ ان کی رشد و ہدایت سے کتنے ہی بڑے بڑے لوگ حیوانیت کی رذالت سے انسانیت کی نفاست کی طرف پلٹ گئے۔

مؤلف عفا اللہ عنہ کے اشعار ہیں:

ترجمہ:

☆ کیمیاءِ تحقیق وعرفان میں کسی حیوان کے اخلاق کو انسان سے بدلنا ہے۔

☆ تو اگر وہ اس کے علاوہ ہے تو تم نے اپنی عمر ضائع کر دی پانی کے اڑنے میں اور آگ کے چڑھنے میں۔

ہم اب انتہائی عجب بات کی طرف اور ان بڑے بڑے رہنماؤں اور حامیانِ اسلام کے دوراز فہم سبب کی طرف لوٹتے ہیں کہ انھوں نے ان جیسے امام کے بارے میں خاموشی کیسے اختیار کر لی؟ بعد اس کے کہ انھوں نے جلال و اکرام، عظمت وحشمت کے ساتھ ان کا وصف بیان کیا ہے جبکہ ان میں سے ہر ایک نے ان کی ولایت کا اقرار کیا ہے اور ان کی کرامت و بزرگی کا اعتراف کیا ہے۔ تو اس تعریف کے بعد یہ توقیف و خاموشی کیسی؟ اور ماننے کے بعد یہ انکار کیسا؟ اور جنت کے بعد سوائے دوزخ کے اور کیا ہے؟ وہ لوگ تو صرف

Marfat.com

بایں وجہ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کے اس قول کے ہی مصداق ہیں جو انھوں نے ان لوگوں کے بارے میں کہا تھا جو اُن سے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے پیچھے رہے ''نہ تو وہ حق کے ساتھ کھڑے ہوئے اور نہ باطل کے ساتھ بیٹھے''۔

تیسرا گروہ: معترض

اور یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اشیاء کو ان کے اصل مقام پر نہیں رکھا، اور ان کے ظاہر کو لے لیا اور ان کے باطن کو چھوڑ دیا، تو ان کے قبیح افعال پر آیات بینہ سے اور ان کے عیوب پر احادیث صحیحہ سے استشھاد کی ضرورت نہیں، کیونکہ قرآن ان لوگوں کی ذلت و رسوائی کے بیان سے بھرا ہے، اور حدیث ان کے بھیدوں کے انکشاف سے بین ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ''بل كذبوا بمالم يحيطوا بعلمه''[1] ترجمہ: بلکہ اُسے جھٹلایا جس کے علم پر قابو نہ پایا اور اللہ کا یہ فرمان ''وإذا لم يهتدوا به فسيقولون هذا إفك قديم''[2] ترجمہ: اور جب انھیں اس کی ہدایت نہ ہوئی تو اب کہیں گے کہ یہ پرانا بہتان ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے ''بیشک بعض علوم مخفی خزانہ کی مانند ہیں جسے صرف علماء ربانی ہی جانتے ہیں تو جب وہ اس سے کلام کرتے ہیں تو اس کا انکار صرف وہی لوگ کرتے ہیں جو اللہ کی بارگاہ سے عزت یافتہ ہوتے ہیں۔

اس لیے کہ براہین قاطعہ، حجج ساطعہ بغیر کسی شبہ کے ظواہر سے متعلقہ ہیں اور علماء راسخین کے یہاں معاملہ اس کے برعکس نہیں ہے۔ بندوں میں معروف حکم جاری ہوتا ہے کیونکہ ہر قوم کے لیے ان کے طرز زندگی میں اپنی ایک زبان واصطلاح ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ دوسروں سے منفرد وممتاز ہوتے ہیں تو جب ان کو ایسا شخص سنے گا جو ان میں سے نہیں

۱۔ سورہ یونس ۱۰:۳۹

۲۔ سورۃ الاحقاف ۴۶ :۱۱

Marfat.com

ہے تو وہ ان کا انکار کر دے گا اور ہو سکتا ہے کہ جاہل اس کو یہاں تک بڑھا لے کہ ان لوگوں کی تکفیر کر دے۔ پس یہ نہ ہوگا کہ جب زید کی کوئی زبان واصطلاح ہے جس کو عمر نہیں سمجھتا تو وہ زبان ہی باطل ہو جائے۔ تو یہی وہ گروہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اونگھ پر متنبہ کیا ہے اور غفلت سے جگایا ہے جیسے کہا گیا ہے:

وکم من عائبٍ قولاً صحیحاً

وآفتہ من الفهم السقیم

ترجمہ: اور کتنے ہی لوگ ہیں جو درست قول کو عیب دار بناتے ہیں اور اس کی آفت تو فہم کمزور سے ہوتی ہے۔(۱)

تو اے کاش! جب انھوں نے نہیں جانا تھا تو توقف کرتے، اور اے کاش جب وہ جانیں تو انصاف کریں۔ لیکن وہ لوگ، جیسا کہ حجۃ الاسلام امام ابو حامد غزالی - اللہ ان سے راضی ہو اور ان کو راضی کرے اور مقدس بارگاہ کو ان کا مرجع وٹھکانہ بنائے- نے کہا ہے ''بیشک وہ لوگ کسی وادی کے منہ پر پڑی چٹان ہیں جس نے نہ تو خود پانی پیا اور نہ ہی کسی دوسرے کو پینے کا چھوڑا''۔

مشائخ رحمہم اللہ میں سے کسی نے کیا خوب کہا ہے: ''جب تو کسی چیز سے عاجز رہ جائے تو اُس عجز وقصور کو دیکھنے سے عاجز نہ ہو جانا''۔

اور مؤلف عفا اللہ عنہ کے اشعار ہیں:

ترجمہ: اگر تم نے دیکھا ہوتا کہ روزِ فراق کونسی چیز بہی تھی تو تم آنکھ کے آنسو کا انکار نہ کرتے جب وہ بہا تھا۔

☆ اگر تم نے حدوث کے کپڑے اتار دیے ہوتے تو تم غارِ حرا کے سِرّ سے جاہل نہ ہوتے۔

☆ مگر تم نے معنویت سے ظاہریت کی آڑ لے لی، اس لیے تم ہمارے ساتھ نہیں ہو، تم

۱۔ یہ شعر مشہور عربی شاعر ابو طیب متنبی کا ہے۔

نے اپنے دل کو پتھر ظاہر کیا ہے۔

☆ اور اُس چیز کو تہمت لگانے والے مت بن جاؤ جسے تم جانتے ہی نہیں۔ اور اپنے دل کو بچاؤ پھر کان اور آنکھ کو بھی۔

☆ اس لیے کہ تمھارے دل سے پرسش ہوگی اور ان لوگوں کے بارے میں اس کے موقف پر اس کا گھیراؤ ہوگا، اور کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

☆ نفس کے جلد تزکیہ کے لیے خوب محنت کرو اور اس کے ساتھ اُس کے پیچھے چلو جو سالکین کے ساتھ چلا۔

☆ اُس مقام کی طرف جس سے ہماری ابتداء ہے لگے بندھے قدم اسی کی طرف سرگرم ہوتے ہیں۔

☆ یہ وہ (مقام) ہے کہ اس کی کوئی بھی مصروفیت اس کو اس کے مولا کی یاد سے کبھی غافل نہ کرسکی بلکہ وہ جو حکم کرتا ہے یہ اُسی کی طرف میلان کرتا ہے۔

☆ اپنے نفس سے ہر شائبہ کو فنا و ہلاک کر دیا اور اس کا کوئی نشان اور اثر باقی نہ رکھا۔

☆ اور اگر قوم کا ہلال تجھ سے چھپ گیا اور تم نے اس کو نہیں دیکھا تو تم اس کو سلام کرو جس نے دیکھا۔

اقوالِ (تصنیفاتِ) ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ

یہ باب ایسا سمندر ہے جس کا کوئی ساحل نہیں اس لیے کہ ان کی تصانیف پانچ سو سے زائد ہیں اس ضمن میں کچھ وہ ہے جو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اُس رسالہ میں ذکر کیا جو انھوں نے مریدین میں سے کسی کے لیے لکھا تھا جس کا ترجمہ یہ ہے:

تمام تعریفیں اللہ کے لیے اور سلام اس کے ان بندوں پر جنھیں اُس نے منتخب فرمایا۔ حمد وصلاۃ کے بعد: یہ کہ میرے کسی دوست نے یہ خواہش کی کہ جو کچھ میں نے تصنیف کیا ہے اور جو طریق تصوف یا کسی اور فن میں علم الحقائق اور علم الاسرار کی کتابیں وضع کی ہیں ان سب کا میں ان اوراق میں اس کے لیے احاطہ کر دوں۔ تو میں نے کر دیا ہے۔ اللہ مجھے اس فہرست میں جو اُس نے خواہش کی اُس کی توفیق دے ہاں البتہ یہ کہ ان کتابوں میں سے بعض اگر طلب کی جائیں تو وہ تھوڑی ہونگیں کیونکہ میں نے انھیں اچانک درپیش آنے والے کسی امر کے باعث کسی شخص کے پاس امانتاً رکھوا دیا تھا تو اُس شخص نے ان کو اب تک مجھے نہیں لوٹایا۔ ان میں سے کچھ کتابیں ایسی ہیں جو مکمل ہیں اور وہ زیادہ تعداد میں ہیں اور بعض مکمل نہیں ہوئیں اور یہ تھوڑی تعداد میں ہیں۔ جو کچھ میں نے تالیف کیا ہے اس میں نہ تو

مقصد مولفین مقصود تھا اور نہ ہی ارادۂ تالیف۔ یہ تو صرف حق تعالیٰ کی طرف سے مجھ پر موارد تھے، ایسے موارد کہ قریب ہے کہ عقلیں ان سے جل جائیں۔ تو میں جو اُن میں سے ممکن ہوتا انھیں قلم بند کر کے ان سے بے فکر ہوتا تھا، تو وہ تالیف کی راہ خارج ہوئے نہ کہ ارادۃً۔ ان موارد میں سے بعض وہ ہیں جن کو میں نے امر الٰہی سے لکھا ہے، حق سبحانہ وتعالیٰ اس کا امر مجھے حالت نیند یا مکاشفہ میں کرتے۔

میں ان کتابوں کے ذکر سے آغاز کرتا ہوں جنھیں میں نے امانت رکھوایا، جیسا کہ میں خیال کرتا ہوں نہ تو وہ میرے پاس ہیں اور نہ ہی کسی دوسرے کے پاس، اور نہ ہی اُس وقت سے اب تک میں ان کی کسی خبر پر مطلع ہوں۔ ان کے بعد میں اُن کتابوں کا ذکر کروں گا جو کہ آج لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں، اور وہ کتابیں جو میرے پاس ہیں اور میں نے انھیں لوگوں میں نہیں نکالا، ان کو ظاہر کرنے کے لیے اُس انتظار کی وجہ سے جس کا کہ حق تعالیٰ نے مجھے عادی بنادیا ہے، ربانی تائید نفس سے اور اُس امر الٰہی سے جس پر کہ ہمارے یہاں عمل ہے، اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہوئے، تو ان میں سے کچھ یہ ہیں:

فصل: ان کتابوں کا ذکر جنہیں ہم نے امانت رکھوایا

۱۔ کتاب فی الحدیث: اس میں مَیں نے مسلم بن الحجاج کی المسند الصحیح کو اپنے لیے مختصر کیا ہے۔

۲۔ کتاب فی الحدیث: یونہی اس کتاب میں مَیں نے ابوعیسیٰ ترمذی کی کتاب کو مختصر کیا ہے۔

۳۔ میں نے ایک کتاب کا آغاز کیا تھا اُس کا نام میں نے المصباح فی الجمع بین الصحاح رکھا تھا۔

۴۔ ابن حزم کی المحلی کا اختصار بھی شروع کیا تھا۔

Marfat.com

۵۔ کتاب الاحتفال فیما کان علیه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم من سنن الاحوال۔

اور کچھ وہ کتابیں جو طریقِ تصوف میں علم الحقائق کے بارے میں تھیں۔

۶۔ ''کتاب الجمع والتفصیل فی اسرار معانی التنزیل'' اس کو میں نے سورہ مریم تک مکمل کیا تھا، اور یہ اپنی شان میں نئی ایجاد تھی، اور میں خیال نہیں کرتا کہ زمین میں کوئی اور ہو جس نے قرآن سے ایسا استنباط واخذ کیا ہو، اور یہ اس لیے کہ میں نے اس میں کلام کو ہر آیت پر تین مقامات میں ترتیب دیا ہے۔ پہلے مقام جلال، پھر مقام جمال، پھر مقام اعتدال۔ اور یہی برزخ ہے، وزن کامل محمدی ﷺ کے مطابق یہی مقام کمال ہے۔

تو میں آیت کو مقام جلال و ہیبت کے لحاظ سے لیتا ہوں، اور اُس پر کلام کرتا ہوں یہاں تک کہ میں اُس آیت کو لطیف ترین اشارہ اور حسین ترین عبارت کے ساتھ اسی مقام کی طرف پھیر دیتا ہوں۔ دوبارہ پھر اُسی آیت کو لے کر مقام جمال سے اس پر گفتگو کرتا ہوں اور یہ مقام پہلے مقام کے مقابل آجاتا ہے۔ پھر میں اُس آیت کو اس مقام پر ایسا وارد کرتا ہوں گویا کہ وہ خاص اسی مقام میں اتاری گئی تھی۔ اُسی آیت کو میں پھر لے کر مقامِ کمال سے گفتگو کرتا ہوں، ایسی گفتگو کہ جو اگلے دونوں رخوں سے مشابہ نہیں ہوتی۔ اس مقام پر میں آیت میں موجود بڑے حروف اور چھوٹے حروف۔ یعنی حرکات اور سکون حی اور سکون میت کے اسرار پر کلام کرتا ہوں، بشرطیکہ آیت میں ان میں سے، اور نسبت، اضافات، اشارات وغیرہ میں سے کوئی چیز ہو۔ تو یوں جب میں اس سارے سے فارغ ہوتا ہوں تو اُس سے اگلی آیت کی طرف منتقل ہو جاتا ہوں۔ اور اس تفسیر میں کسی دوسرے کا کوئی لفظ نہیں سوائے استشہاد کے، اور وہ بھی تھوڑا ہے۔

Marfat.com

۷۔ كتاب الجذوة المقتبسة و الخطرة المختلسة۔

۸۔ كتاب مفتاح السعادة فى معرفة المدخل الى طريق الإرادة۔

۹۔ کتاب مثلثات الواردة فی القرآن۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا قول: ''لا فارض ولا بكر عوان بين ذلك'' اور جیسے اللہ تعالیٰ کا یہ قول: ''ولا تجهر بصلاتك ولا تُخافت بها وابتغ بين ذلك سبيلا''۔

۱۰۔ کتاب المسبّعات الواردة فی القرآن۔ جیسے اللہ کا فرمان ''سبع بقرات سمان'' اور ''سبع سموات'' اور ''سبعة اذا رجعتم''۔

۱۱۔ كتاب الأجوبة على المسائل المنصورية۔ اور یہ تقریباً سو سوال ہیں۔ جن کے بارے میں مجھ سے میرے ایک ساتھی نے سوال کیا تھا جس کا نام منصور ہے۔

۱۲۔ كتاب مبايعة القطب بحضرة القرب۔ یہ حکام، مرسلین، انبیاء، عارفین، روحانیین کے مراتب کے بارے میں بہت سارے مسائل پر مشتمل ہے میرے علم کے مطابق کسی نے اس طرف سبقت نہیں کی۔

۱۳۔ كتاب مناهج الارتقاء الى افتضاض أبكار البقاء المخدرات بخيمات اللقاء۔ میں نے اس کتاب کو تین سو ابواب پر مرتب کیا ہے، ہر باب میں دس مقامات ہیں اور یہ کتاب تین ہزار مقامات پر مشتمل ہے۔

۱۴۔ كتاب كنه مالا بد للمريد منه۔

۱۵۔ كتاب المحكم فى المواعظ والحكم و آدابِ رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

۱۶۔ كتاب الحلى فى اسرار روحانيات الملإ الأعلى۔

۱۷۔ كتاب كشف المعنى عن سر اسماء الله الحسنى۔

۱۸۔ كتاب الدليل فى ايضاح السبيل۔ وعظ کے بارے میں ہے۔

۱۹۔ كتاب عقلة المستوفز فى أحكام الصنعة الإنسانية۔

۲۰۔ کتاب جلاء القلوب۔ اس کتاب میں میرے ساتھ ایک عجب بات ہوئی اور وہ یہ کہ جب میں نے اس کو لکھا تو ہمارے ہر ساتھی نے ایک یا دو جز مطالعہ کے لیے لے لیے، اور میں نے کتاب کا شروع کا حصہ لے لیا اور یہ تقریباً بیس ورق تھے، تو ہم اپنے گروہ اصحاب کے ساتھ باہر نکلے، اور ہم ایک ٹیلے پر بیٹھ کر اس کا مطالعہ کرنے لگے اور یہ بالکل انوکھا موضوع تھا۔ جب ہم اس کو پڑھنے سے فارغ ہوئے تو اسے زمین پر رکھ دیا، تو اچانک وہ اُچک لی گئی۔ تو میں نہیں جانتا کہ اس کو جن اچک کے لے گیا یا وہ بشر جو آنکھوں سے پوشیدہ ہوتے ہیں، اور میں نے اب تک اس کی خبر نہیں پائی۔ اور رہی باقی کتاب تو میں نے اس کو اس کے بعد جمع نہ کیا اور نہ ہی جس کسی کے پاس اس میں سے کچھ تھا اُسے نے مجھے لوٹائی۔ یہ تھا اس کا کچھ حال۔

۲۱۔ كتاب التحقيق فى بيان السر الذى وقرفى نفس ابى بكر الصديق رضى الله عنه۔

۲۲۔ كتاب الاعلام باشارات اهل الالهام۔

۲۳۔ كتاب السراج الوهاج فى شرح كلام الحلّاج قدس الله روحه۔

۲۴۔ كتاب الافهام فى شرح الاعلام۔

۲۵۔ كتاب المنتخب فى سائر القُرَب۔

۲۶۔ كتاب نتائج الاذكار وحدائق الاذهار۔

۲۷۔ كتاب الميزان فى صفة الانسان۔

تو یہ امانت رکھوائی گئی کتابوں کے نام ہیں، میں نہیں جانتا کہ میرے تذکرہ میں ان میں سے کوئی چیز چھوٹ گئی یا نہیں۔ بے شک عہد [1] متقدم تھا، وگرنہ دل تو وقت کے ضیاع

۱۔ ساتھی سے کردہ وعدہ۔

Marfat.com

کے اندیشہ سے ماضی میں کردہ افعال میں مشغول نہیں ہے۔

میں (مؤلف) کہتا ہوں: یہ امانت میں رکھوائی گئی کتابیں اب لوگوں کے پاس ہیں، میں یہ نہیں جانتا کہ یہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں منظر عام پر آ گئیں تھیں یا ان کی وفات کے بعد۔ میں ان میں سے اکثر پر مطلع ہوں اور ان میں سے بعض میرے پاس ہیں۔ اور اس تذکرہ کو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مکہ میں اقامت کے دنوں میں لکھا تھا، اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے۔

فصل: ہماری وہ کتابیں جو آج لوگوں کے پاس ہیں

ان میں سے بعض حدیث میں ہیں۔

۲۸۔ کتاب المحجة البیضاء: اس کو میں نے مکہ مشرفہ میں فقہاء کے طریق پر لکھا اس میں مَیں نے کتاب الطہارۃ اور الصلاۃ کو دو جلدوں میں مکمل کیا ہے اور تیسری جلد میرے ہاتھوں میں ہے اور اس میں کتاب الجمعہ تک پہنچا ہوں۔

۲۹۔ کتاب مفتاح السعادة: اس کتاب میں مَیں نے مسلم و بخاری کے متن جمع کیے ہیں، اور کچھ احادیث ترمذی شریف سے۔

۳۰۔ کتاب کنز الأسرار فیما روی عن النبی المختار من الأدعیة والأذکار۔

۳۱۔ کتاب مشکاة الأنوار فیما روی عن الله سبحانه و تعالیٰ من الأخبار۔

۳۲۔ کتاب الأربعین المتقابلة۔

۳۳۔ کتاب الأربعین الطوال۔

۳۴۔ کتاب العین۔

میں نہیں جانتا کہ میرے تذکرہ سے اس فن میں لکھی گئی کتابوں میں سے کوئی رہ گئی ہے یا نہیں، دل کی مشغولیت اور ماضی کی طرف عدمِ التفات کے سبب۔

Marfat.com

لوگوں کے پاس موجود طریق الحقائق میں ہماری بعض کتب:

۳۵۔ كتاب التدبيرات الالٰهية في إصلاح المملكة الإنسانية۔ میں نے اس میں حکیم ارسطو کا انداز اپنایا ہے جو ان کی سر الأسرار نامی کتاب میں ہے۔ جسے انھوں نے اسکندر کے لے تصنیف کیا تھا اور اُس کتاب کی وجہ سے میں نے اس کتاب میں اس سر کو اپنے بھائی ابو محمد عبداللہ بن استاذ موروری کے لیے تالیف کیا۔

۳۶۔ كتاب سبب عشق النفس للجسم وماتقاسي من الألم عند فراقه بالموت۔

۳۷۔ كتاب إنزال الغيوب على مراتب القلوب فيما لنا من سجع وشعر۔

۳۸۔ كتاب الإسراء إلى المقام الأسرى۔

۳۹۔ كتاب مشاهد الأسرار القدسية و مطالع الأنوار الإلٰهية۔

۴۰۔ كتاب الجلا۔

۴۱۔ كتاب المنهج السديد إلى ترتيب أحوال الإمام البسطامي أبي يزيد رضي الله عنه۔

حق سبحانہ وتعالیٰ نے سَبْتَہ کے ساحل پر جو بلادِ مغرب میں سے ایک ملک ہے، حالت نیند میں اس کی شرح کا حکم کیا تھا تو میں طلوع فجر سے پہلے تیزی سے اٹھا اور میرے دو کاتب تھے میں نے ان دونوں کو املاء کرائی، دونوں نے فوراً لکھا، ابھی سورج طلوع نہ ہوا تھا کہ ان دونوں سے دو جزء تیار ہو گئے۔

۴۲۔ كتاب انس المنقطعين برب العالمين۔ اس کو میں نے اپنے لیے اور دوسروں کے لیے لکھا ہے۔

۴۳۔ كتاب الموعظة الحسنة۔ اس کو میں نے مکہ مشرفہ میں لکھا۔

Marfat.com

۴۴۔ كتاب البغية فى اختصار كتاب الحلية لابى نعيم الاصفهانى الحافظ۔اس کو میں نے اپنے لیے وضع کیا تھا۔

۴۵۔ كتاب الدرة الفاخرة فى ذكر من انتفعت به فى طريق الآخرة۔ابن دبیثی نے کہا: یہ کتاب مشائخ مغرب کے احوال کے ذکر پر مشتمل ہے اور وہ اس کو اپنے ساتھ مشرق نہیں لے کر گئے تھے پھر جب وہ شام آئے تو اصل کی طرف رجوع کیے بغیر ہی اپنے قلب سے اس کی مختصر لکھی۔

۴۶۔ كتاب المبادى والغايات فيما تحتوى عليه حروف المعجم من العجائب والآيات۔

۴۷۔ كتاب مواقع النجوم ومطالع أهلة الأسرار والعلوم۔ یہ دو جلدوں میں ہے اور یہ نادر الوجود کتاب ہے اس فن میں اس کی مثل تصنیف نہیں ہوئی۔

۴۸۔ كتاب الإنزالات الوجودية من الخزائن الجودية۔

۴۹۔ كتاب حلية الأبدال وما يظهر منها من المعارف والأحوال۔ یہ ایک گھنٹہ کی کتاب ہے، میں نے اسے طائف میں درب آل امیہ (مقام) میں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی زیارت کے بارے میں لکھا تھا۔اس میں مَیں نے بھوک، خاموشی، شب بیداری وخلوت پر کلام کیا ہے۔

۵۰۔ كتاب أنوار الفجر فى معرفة المقامات والعالمين على الأجر و على غير الأجر ۔میں نے اس کا یہ نام اس لیے رکھا ہے کہ میں اس کا کوئی لفظ نہیں لکھتا تھا مگر وقت فجر میں، یہاں تک کہ سورج کا کنارہ ظاہر ہونے کے قریب ہوتا۔

۵۱۔ کتاب الفتوحات المکیۃ ۔ یہ بہت ساری جلدوں میں ایک بڑی کتاب ہے۔ جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مجھ پر مکہ مشرفہ میں منکشف کیا علوم، معارف، سلوک، منازل، منازلات، اقطاب اور اس جیسے فن کے مراتب میں اسرار عظیمہ پر پانچ سو پینسٹھ

Marfat.com

ابواب کی حامل ہے۔

۵۲۔ کتاب تاج الرسائل و منهاج الوسائل۔ یہ میرے اور کعبہ مشرفہ کے مابین کلام ہیں اور یہ سات رسائل ہیں۔

۵۳۔ کتاب روح القدس فی مناصحة النفس۔

۵۴۔ کتاب التنزلات الموصلية فی أسرار الطهارات و الصلوات الخمس والأيام المقدّرة الأصلية۔

۵۵۔ کتاب إشارات القرآن فی عالم الإنسان۔

۵۶۔ کتاب القسم الإلهی بالاسم الربانی۔

۵۷۔ کتاب الجلال والجمال۔

۵۸۔ کتاب المدخل الی العمل بالحروف۔

۵۹۔ کتاب المُقْنِع فی السهل المُمْتَنِع۔

۶۰۔ کتاب الأمر المربوط فی معرفة ما يحتاج أهل طريق الله من الشروط۔

۶۱۔ کتاب رسالة الأنوار فيما يمنح صاحب الخلوة على الترتيب من الأسرار۔

۶۲۔ کتاب عنقاء مغرب۔

۶۳۔ کتاب المعلوم فی عقائد علماء الرسوم۔

۶۴۔ کتاب الإيجاد الكونی والمشهد العينی، بحضرة الشجرة الإنسانية والطيور الأربعة الروحانية۔

۶۵۔ کتاب إنشاء الجداول والدوائر فی الرقائق والحقائق۔

۶۶۔ کتاب الأعلاق فی مکارم الأخلاق۔

۶۷۔ كتاب روضة العاشقين۔

۶۸۔ كتاب ستة و تسعين ۔اس کتاب میں ہم نے واؤ اور میم اور نون کے بارے میں گفتگو کی ہے ان کا حرف اول، آخر پر دوبارہ آجانے کے سبب۔ جیسے م ی م، واو، ن ون۔

۶۹۔ كتاب الإشارت فى أسرار الأسماء الإلهيات و الكنايات۔

۷۰۔ كتاب الحجب المعنوية فى الذات الهوية۔

۷۱۔ كتاب الرسالة۔اس کو میں نے فخر الدین رازی کو بھیجا تھا۔

تو یہ وہ ہیں جو لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں۔

۷۲۔ كتاب المبشرات ۔اس میں مَیں نے اُن خوابوں کا ذکر کیا ہے جو مجھے یاد تھے میں نے انھیں علمی لحاظ سے مفید اور نیکی پر ابھارنے والا پایا۔

۷۳۔ كتاب ترتيب الرحلة ۔اس کتاب میں مَیں نے اپنے بلادِ مشرق کے سفر میں جو کچھ دیکھا اس کو ذکر کیا ہے، اور اس میں ہمارے ان مشائخ کا بھی ذکر ہے جن سے ہم ملے، اور ان سے استماع کیا۔ میں شیخ رحمۃ اللہ کا ذکر کروں گا اور ان سے حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مفید حکایت اور شاعری کے کچھ ابیات یا تو ان کے یا ان کی روایت سے ذکر کروں گا۔

۷۴۔ ایک کتاب جس میں مَیں نے احادیث عوالی روایت کی ہیں اور اُس میں مَیں نے صحت کی شرط نہیں رکھی۔

بعض وہ کتابیں جن کی تالیف کا تو حق سبحانہ وتعالیٰ نے مجھے حکم دیا

لیکن لوگوں میں ان کے نکالنے اور مخلوق میں ان کو پھیلانے کا حکم نہ دیا

۷۵۔ كتاب الأحدية ۔اور یہ کتاب احدیت، وحدانیت، فردانیت، اولیت، وتریت کو

شامل ہے اور وجو دِ عددی سے کثرت کی نفی کو، اور یہ کہ مراتب اعداد میں ایک ہی مظہر ہوتا ہے، اسی لیے اعداد بنتے ہیں اور غائب ہوتے ہیں مگر یہ ایک باقی ہی رہتا ہے۔

۷۶۔ کتاب الھوٗ۔ یہ کتاب ضمائر اور اضافاتِ نفس کی معرفت پر مشتمل ہے۔

۷۷۔ کتاب الجامع ۔ یہ جلال کی اُس معرفت پر مشتمل ہے، جمع و اطلاق جس پر دلالت کرتے ہیں اور مضطر کے قول ''اے اللہ مجھے غنی کر دے'' کے وقت، تقیید جس پر دلالت کرتی ہے۔

۷۸۔ کتاب الرحمة ۔ یہ رحمت میں تخصیص، تعمیم، عطف، حنان، رافت و شفقت کی معرفت پر مشتمل ہے۔

۷۹۔ کتاب العظمة ۔ اور یہ کتاب جلال، کبریاء، جبروت اور ہیبت کے اشارات پر مشتمل ہے۔

۸۰۔ کتاب المجد۔

۸۱۔ کتاب الدیمومیّة۔ یہ کتاب سرمدیت، خلود، ابد اور بقاء کے مسائل پر مشتمل ہے۔

۸۲۔ کتاب الجود ۔ اس میں عطا، وہب، منح، کرم، سخا، رشوت اور تحائف کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۸۳۔ کتاب القیومیة۔

۸۴۔ کتاب الإحسان۔

۸۵۔ کتاب الفلک والسماء۔

۸۶۔ کتاب الحکمة المحتویة۔

۸۷۔ کتاب العزة۔ اس میں منع، قہر، غلبہ، حمیاء، عجز اور قصور کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۸۸۔ کتاب الأزل۔

۸۹۔ کتاب النور ۔ اس میں ضیاء، ظلال، ظلمت، اِشراق اور ظہور کی طرف اشارہ کیا گیا

Marfat.com

ہے۔

۹۰۔ کتاب السر۔

۹۱۔ کتاب الإبداع والاختراع۔

۹۲۔ کتاب الأمر والخلق۔

۹۳۔ کتاب الصادر والوارد۔

۹۴۔ کتاب القدم۔

۹۵۔ کتاب الملک۔

۹۶۔ کتاب القدس۔

۹۷۔ کتاب الحیاۃ۔

۹۸۔ کتاب العلم۔

۹۹۔ کتاب المشیئۃ ۔اس میں تمنی، ارادہ، شہود، ہاجس، عزم، نیت، قصد اور ہمت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۰۰۔ کتاب الفھوانیۃ ۔ہوسکتا ہے کہ اس کا نام لفظ حضرت واقع ہو، اور ہوسکتا ہے کہ اس کا نام قول واقع ہو۔ اس میں کلام، نطق، حدیث، سمر اور اس کی مثل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۰۱۔ کتاب الرقم۔ اس میں خط، کتابت، اشارہ اور رقمی حروف کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۰۲۔ کتاب الرقیم۔

۱۰۳۔ کتاب العین ۔اس میں رؤیت، مشاہدہ، مکاشفہ، تجلی، لمح، لمع، طالع، ذوق، شرب، بادہ، ہاجم اور اس کی مثل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۰۴۔ کتاب الباہ۔ اس میں توالد و تناسل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

۱۰۵۔ کتاب کن۔ اس میں انفعال وتکوین کے وجود کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۰۶۔ کتاب المبادی۔ اس میں اشارہ کیا گیا ہے کہ اعادہ مبدأ ہے اور ہر نفس میں عالم مبدا میں ہے۔

۱۰۷۔ كتاب الولاية۔

۱۰۸۔ كتاب الدعاء والإجابة۔

۱۰۹۔ كتاب الرمز فى حروف أوائل السور۔

۱۱۰۔ كتاب الرقية۔

۱۱۱۔ كتاب البقاء۔

۱۱۲۔ كتاب القدرة۔

۱۱۳۔ كتاب الحكم والشرائع الصحيحة والرئاسة والسياسة۔

۱۱۴۔ كتاب مفاتيح الغيب۔

۱۱۵۔ كتاب الخزائن۔

۱۱۶۔ كتاب الرياح اللواقح۔

۱۱۷۔ كتاب الريح العقيم۔

۱۱۸۔ کتاب الکتب۔ قرآن، فرقان اور اقسام کتب جیسے مسطور، مرقوم، حکیم، مبین، محصی، متشابہ وغیرہ۔

۱۱۹۔ كتاب التدبير والتفصيل۔

۱۲۰۔ كتاب اللذة والألم۔

۱۲۱۔ كتاب الحق۔

۱۲۲۔ كتاب الحمد۔

۱۲۳۔ كتاب المومن والمسلم والمحسن۔

۱۲۴۔ کتاب القدر۔

۱۲۵۔ کتاب الشان۔

۱۲٦۔ کتاب الوجود۔

۱۲۷۔ کتاب التحویل۔

۱۲۸۔ کتاب الحیاۃ۔

۱۲۹۔ کتاب الوحی۔

۱۳۰۔ کتاب الإنسان۔

۱۳۱۔ ایک کتاب تحلیل وترکیب کے ذکر پر مشتمل ہے۔

۱۳۲۔ کتاب المعراج۔

۱۳۳۔ کتاب الروائح والأنفاس۔

۱۳۴۔ کتاب الملک۔

۱۳۵۔ کتاب الأرواح۔

۱۳٦۔ کتاب الهیاکل۔

۱۳۷۔ کتاب التحفة والطرفة۔

۱۳۸۔ کتاب الغرفة والخرفة[۱]۔

۱۳۹۔ کتاب الاعراف۔

۱۴۰۔ کتاب زیادة کید القول۔

۱۴۱۔ کتاب الإسفار عن نتائج الأسفار۔

۱۴۲۔ کتاب الأحجار المتفجرة والمتشققة والهابطة۔

۱۴۳۔ کتاب الجبل۔

۱۔ دوسرے نسخہ میں "الفرقة والخرقة" ہے

Marfat.com

١٤٤- كتاب الطور-

١٤٥- كتاب أدب النمل-

١٤٦- كتاب البروج-

١٤٧- كتاب الحشرات-

١٤٨- كتاب القسطاس-

١٤٩- كتاب القلم-

١٥٠- كتاب اللوح-

١٥١- كتاب العرش-

١٥٢- كتاب الكرسى-

١٥٣- كتاب الفلك-

١٥٤- كتاب الهباء-

١٥٥- كتاب الجسم-

١٥٦- كتاب الزمان-

١٥٧- كتاب المكان-

١٥٨- كتاب الحركة-

١٥٩- كتاب العالم-

١٦٠- كتاب الآباء العلويات والامهات السفليات والبنات والمولدات-

١٦١- كتاب النجم والشجر-

١٦٢- كتاب سجود القلب-

١٦٣- كتاب الأسماء-

١٦٤- كتاب النحل-

Marfat.com

١٦٥ـ كتاب الرسالة والنبوة والولاية والمعرفة.

١٦٦ـ كتاب الغايات.

١٦٧ـ كتاب العشق.

١٦٨ـ كتاب السبعة عشر.

١٦٩ـ كتاب النار.

١٧٠ـ كتاب الجنة.

١٧١ـ كتاب الحضرة.

١٧٢ـ كتاب المناظرة بين الإنسان والحيوان.

١٧٣ـ كتاب المفاضلة.

١٧٤ـ كتاب الإنسان الكامل والاسم الأعظم.

١٧٥ـ كتاب المبشرات.

١٧٦ـ كتاب محاضرة الأبرار ومسامرة الأخيار.

١٧٧ـ كتاب الأولين.

١٧٨ـ كتاب ترجمان الأشواق.

١٧٩ـ كتاب العبادلة.

١٨٠ـ كتاب تاج التراجم.

١٨١ـ كتاب مالا يعوّل عليه فى طريق الله.

١٨٢ـ كتاب إيجاز البيان فى الترجمة عن القرآن.

١٨٣ـ كتاب المعرفة.

١٨٤ـ كتاب شرح الأسماء.

١٨٥ـ الذخار والأعلاق فى شرح ترجمان الأشواق.

Marfat.com

۱۸۶۔ كتاب النصائح فيما يقرب فى طريق الله تعالىٰ۔

۱۸۷۔ كتاب اللوائح فى شرح النصائح۔

۱۸۸۔ كتاب الوسائل فى الأجوبة عن عيون المسائل۔

۱۸۹۔ كتاب النكاح المطلق۔

۱۹۰۔ اختصار سيرة النبى صلى الله عليه وسلم۔

۱۹۱۔ كتاب المنيع الحمى البصير فيه أعمى فكيف حلّ به العمى۔

۱۹۲۔ كتاب فصوص الحكم۔ (۱)

یہ تمام کتابیں جو لوگوں میں نہیں نکالی گئیں اور مخلوق میں نہیں پھیلائی گئیں، ان میں سے بعض ان کی زندگی میں منظرِ عام پر آگئیں اور بعض ان کی وفات کے بعد۔

میں نے اس تذکرہ کی پیشکش سے صرف محبت کرنے والوں کی خوشی اور حاسدوں کا نوحہ چاہا ہے۔ اس سے ان کی کتابوں کا احاطہ مقصود نہ تھا، کیونکہ بعید ہے کہ ان کی کتابوں کا احاطہ کیا جا سکے۔ ہمارے شیخ، ہر شہری و دیہاتی کے شیخ، شیخ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (۲)۔ اللہ ان کی روح کو مقدس بنائے اور ان کی قبر کو رحمت سے سیراب کرے۔ نے ذکر کیا: کہ وہ ایک ایسی اجازت سے آگاہ ہیں جسے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ نے شاہِ اعظم، حاکم دمشق (۳) کے لیے لکھا تھا، انھوں نے اس کے آخر میں کہا: میں نے اسے اجازت دی ہے کہ یہ مجھ سے میری تصانیف روایت کرے، اور ان تمام میں فلاں اور فلاں ہیں، اور یوں

۱۔ فہرست کتب ختم نہیں ہوئی، فہرست کے ہندی نسخے اور دمشق میں چھپنے والی فہرست میں پچاس یا اس سے بھی زیادہ کتابیں اور ہیں۔

۲۔ ان کا ذکر ص ۶، حاشیہ نمبر ۱، اور ص ۲۵ پر بھی ہوا ہے۔

۳۔ یعنی الملک المظفر ایوبی۔

Marfat.com

پانچ سو دس سے زائد کتابیں گنیں (۱)۔ اور یہی ہے جس کو ہمارے شیخ قاضی القضاۃ رحمۃ اللہ (۲) نے ذکر کیا تو میں نے ان کے مبارک الفاظ میں سترہ رمضان معظم ۸۰۴ھ میں دہلی میں اللہ اُسے محفوظ فرمائے، سنا۔

شاہِ یمن کا فیروز آبادی سے استفتاء

مجھے اس سے دوسری مرتبہ آگاہی سلطانِ اعظم (۳) کے استفتاء کے جواب سے ہوئی۔ جو رحم و جاہ والے، دین اللہ کے مددگار، اللہ ان کی بادشاہی کو ہمیشہ رکھے اور روئے زمین کو ان کا ملک بنائے، زمین پر قابلِ تعریف حد تک خوشحال، ہمیشہ فتح مبین سے اور ناقابلِ تسخیر مدد سے مؤید رہے اور وہ یہ کہ ان کے مبارک ذخیرہ میں میری معلومات کے مطابق، شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کی تصانیف میں سے اتنی جمع تھیں کہ ان کے پہلے سلاطین آباء و اجداد رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے کسی دوسرے کے ذخیرہ میں اتنی نہ تھیں۔ جیسے اشرف، افضل، مجاہد، مؤید، مظفر، منصور (۴)۔ اللہ ان کی مٹی کو طیب کرے اور جنت کو ان کا مرجع وٹھکانہ بنائے۔

☆ یہ ایسے لوگ تھے کہ ان کی سخاوت کے محاسن پھیلے ہوئے ہیں زمانہ بوسیدہ ہو رہا ہے لیکن ان کی حسنات کا ذکر تازہ ہو رہا ہے۔

فقہاء نے ان کی کتابوں میں کلام، ان کے معانی کے ادراک میں اپنی عقلوں کے عجز وقصور کے سبب کیا اس لیے سلطانِ اعظم نے۔ اللہ ان کے ساتھیوں کو غالب کرے اور ان کے ملک واقتدار کو دوگنا کرے۔ ہمارے شیخ قاضی القضاۃ رحمۃ اللہ (۵) سے فتویٰ مانگا، جس کا

۱۔ اجازت میں مذکور کتابوں کی تعداد بدوی کے مطابق ۲۹۰ ہے۔
۲۔ یعنی شیخ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی رحمۃ اللہ۔
۳۔ یعنی شاہِ یمن ناصر۔
۴۔ سلاطین کے القاب ہیں
۵۔ یعنی شیخ مجد الدین فیروز آبادی رحمۃ اللہ

ترجمہ یہ ہے:

کیا فرماتے ہیں علماء حضرات۔ اللہ دین کو ان سے قوی کرے، اور ان کے ذریعے شیخ ابن عربی کے بارے میں اور ان کی متہم کتابوں فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم وغیرہ کے بارے میں مسلمانوں کی پراگندگی کی اصلاح کرے۔ کیا ان کی کتابوں کا پڑھنا پڑھانا جائز ہے؟ اور کیا یہ سنی پڑھی گئی کتابوں میں سے ہیں؟

ہمیں فتویٰ دیجئے۔ اللہ آپ کو اجر دے ان کتابوں کے بارے میں شافی جواب کی صورت میں تاکہ آپ اللہ کریم سے جو بہت عطا کرنے والا ہے بڑا ثواب پاسکیں۔

ہمارے شیخ قاضی القضاۃ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا، اس کا ترجمہ یہ ہے:

اے اللہ! ہم سے وہی بیان کروا جس میں تیری مرضی ہے۔

وہ اعتقاد جو میں مسئول کے حال سے رکھتا ہوں اور جس کی بناء پر میں اللہ کی فرمانبرداری کرتا ہوں، وہ یہ کہ وہ حالاً اور علماً شیخِ طریقت تھے، اور حقیقتاً اور رسماً تحقیق کے امام تھے اور رسومِ معارف کو فعلاً اور اسماً زندہ کرنے والے تھے۔

☆ جب آدمی کا غور وفکر اس کے سمندر کی ایک ہی جانب شدت سے داخل ہوگا تو اس کے افکار اسی میں غرق ہو جائیں گے۔

وہ کثیر پانی ہیں جسے ڈول گدلا نہیں کرتے، اور بادل ہیں جن سے بخشش کے قطرے گرتے ہیں۔ ان کی پکار سات پردوں کو پار کرتی ہے، ان کی برکات بکھرتی ہیں تو آفاق کو بھر دیتی ہیں میں ان کا وصف بیان کر رہا ہوں حالانکہ وہ میرے وصف کردہ سے بھی بالا ہیں۔

میرا غالب گمان بلکہ یقین یہ ہے کہ میں نے ان کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

☆ میں اپنا اعتقاد نہ بھی کہوں تو مجھ سے کچھ مواخذہ نہ ہوگا اور جاہل کو ملامت ہی کو دشمنی گمان کرنے دو۔

☆ اللہ کی قسم، اللہ کی قسم، عظمت والے اللہ کی قسم، اور اس کی جس نے برہان کے طور پر

Marfat.com

اُسے اللہ کے لیے حجت بنایا۔

☆ بیشک جو میں نے کہا ہے وہ تو ان کے مناقب کا کچھ ہے، میں نے تو کوئی اضافہ نہیں کیا، ہاں مگر اپنی کوتاہی میں۔

رہی ان کی کتابیں اور ان کی تصانیف تو وہ چھلکتے سمندر ہیں، ان کے کثرتِ جواہرات کی وجہ سے نہ تو ان کے آغاز وانتہا کو جانا جاسکتا، اور نہ ہی لکھنے والوں نے ان کتابوں کی مثل لکھی ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان کتابوں کی قدر و منزلت کی معرفت سے ان کے اہل ہی کو خاص کیا ہے۔ ان کی کتابوں کے خواص میں سے ایک یہ ہے کہ جو ان کے مطالعہ پر اور ان کو دیکھنے اور معانی پر غور وفکر پر ہمیشگی کرتا ہے تو مشکلات کے حل اور پیچیدگیوں کے کشف میں اسکا سینہ کشادہ ہو جاتا ہے اور یہ شان صرف اُسی کی ہوتی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے علوم لدنیہ اور معارفِ ربانیہ سے خاص کیا ہو۔

تو ان تمام میں سے ایک، ننانوے جلدوں میں التفسیر الکبیر ہے وہ اس کتاب میں سورۃ الکہف کی تفسیر تک پہنچے تھے اللہ تعالیٰ کے اس قول تک ''وعلمناہ من لدنا علماً''[1] ترجمہ: اور اسے اپنا علم لدنی عطا کیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا سے اٹھالیا۔ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ وفات پا گئے اور وہ مکمل نہ ہوئی یہ تفسیر نادر کتاب ہے۔ اس کا ہر جز سمندر بے کنار ہے اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں، کیونکہ وہ ولایت عظمیٰ اور صدیقیت کبریٰ کے صاحب تھے، ہمارے عقیدہ کے مطابق جس سے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: اس تفسیر کا ذکر سابق تذکرہ میں شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے نہیں کیا ہے، کیونکہ تذکرہ مکہ مشرفہ میں لکھا گیا تھا۔ پھر وہ دمشق چلے گئے اور وہاں ایک عرصہ رہے تقریباً تیس سال۔ وہاں بہت سی کتابیں اس تذکرہ کے بعد تصنیف کیں، اور آخری کتاب جو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تصنیف کی وہ یہی تفسیر ہے، اور اللہ ہی زیادہ علم والا ہے کہ اگر وہ اس کو مکمل کرتے تو کتنی

۱۔ سورۂ کہف ۱۸ : ۶۵

Marfat.com

جلدوں کو پہنچتی، اور یہ کسب انسانی سے نہیں ہے بلکہ عطائے سبحانی اور وہب ربانی سے ہے۔

ہم اپنے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی طرف لوٹتے ہیں اور ان کا یہ کہنا:

ہمارے یہاں ایک گروہ اپنی جہالت و گمراہی سے شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے انکار میں مبالغہ کرتا ہے، اور بعض اوقات ان کی گمراہی و جہالت ان کو تکفیر تک لے جاتی ہے اور یہ صرف ان کی سمجھوں کے، شیخ کے احوال و اقوال کے مقاصد کو سمجھنے سے قاصر ہونے کی وجہ سے ہے۔ ان کے ہاتھ ان کے معانی کے پھل چننے تک نہیں پہنچ پائے۔ اسی لیے انھوں نے ان کے بارے میں کلام کیا۔

کہنے والے کی خوبی اللہ کے لیے ہی ہے جب وہ کہتا ہے:

☆ میرا ذمہ قوافی کو ان کی کانوں سے تراشنا ہے، اور مجھ پر کچھ مواخذہ نہیں جب گائیں اس کو سمجھ نہ پائیں۔

ہم تو یہ جانتے اور اعتقاد رکھتے ہیں ان کے حق میں، اور اسی کے مطابق اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتے ہیں اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے۔

انھوں نے عفا اللہ عنہ۔ اسے اللہ کے سچے حرم کی طرف انتساب کرتے ہوئے لکھا ہمارے شیخ قاضی القضاۃ رحمۃ اللہ علیہ کا جواب ختم ہوا۔

شاہِ یمن کا ابنِ خیاط سے استفتاء اور اس کا رد:

پھر اس جواب کو سلطان اعظم پر پیش کیا گیا۔ اللہ انتہا البلاد کو اور شرفاء الناس کو ان کی ملک میں کر دے۔ پھر انھوں نے فقیہ ابو بکر بن محمد بن خیاط مخلافی جبلی [1]۔ اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے سے فتویٰ مانگا، اگر انھوں نے اس طرف رجوع کر لیا تھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

۱۔ یعنی ابو بکر بن محمد بن صالح ہمدانی، جبلی تعزی یمنی، المتوفی ۸۱۱ھ، یمن کے کبار فقہاء میں سے تھے، یمن کے علاقے تعز اور ذو جبلہ میں انھی کا فتویٰ معتبر تھا۔ سخاوی نے کہا: شیخ ابن عربی کی کتابوں میں مشغول ہونے والوں پر ان کے انکار کے باعث ان میں اور مجد الدین میں مراجعات رہے۔ اور منع کے لیے ایک جلد لکھی جس کا مجد الدین نے رد لکھا۔

شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب کتابوں جیسے فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم وغیرہ کے بارے میں فقیہ کیا کہتا ہے: کیا ان کا سیکھنا اور ان کو لوگوں میں ظاہر کرنا اور جو کچھ ان میں ہے اس کا اعتقاد رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ کیا یہ مفید علوم والی ہیں؟ بیشک ہمارے شیخ، شیخ الاسلام اقضی القضاۃ مجد الدین۔ اللہ اسلام اور مسلمانوں کو ان سے نفع بخشے، سے جب اس بارے میں پوچھا گیا تو ان کا جواب علومِ نافعہ میں مشہور کتابوں پر شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کی کتب کو فضیلت دینے کا متقاضی ہے، اور یہ دل میں جاگزیں نہیں ہوا اس لیے ہمیں واضح جواب دیں۔

تو اس فقیہ مذکور نے جواب دیا:

جواب اور توفیق اللہ تعالیٰ سے۔

قد آن لابن الخیاط......

بیشک ابن خیاط کے لیے وقت آ گیا ہے کہ اُسے اللہ کے یہاں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت نہ پکڑے گی۔

میں (مؤلف) کہتا ہوں: یہ اپنے فتویٰ میں اس کا غلطی میں پہلا قدم ہے جب ''آن'' کے معنی ہیں قریب ہوا اور نزدیک ہوا، تو اپنے فتویٰ سے اُس نے یہ اقرار اور اعتراف کیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دور تھا، اور اُسے اللہ کے یہاں ملامت کرنے والے کی ملامت پکڑتی تھی۔ یہ حال اس کا بیتے زمانے میں تھا، اور پھر اب، زمانہ حال میں وہ دعویٰ کر رہا ہے جو اُس نے کیا اور دعویٰ پر دلیل قائم کرنا باقی ہے اور دلیل اس کا یہ قول ہے:

شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں کی تحصیل نہ جائز ہے اور نہ حلال، نہ ہی ان کا پڑھنا اور نہ پڑھانا، یہ کتابیں ان کے مصنف پر رد کر دی گئی ہیں۔

میں کہتا ہوں: اے دیکھنے والے! اس ظالم کا عیب لگانا دیکھ جو نہ تو یہ جانتا ہے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے اور نہ ہی یہ کہ اس کا کلام کس طرف لوٹ رہا ہے۔ اور جس کے دعویٰ کے شواہد

Marfat.com

اس کے دعویٰ کے بطلان پر گواہ ہیں۔ بیشک شیخ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کی کتابیں پانچ سو سے زائد ہیں ان میں سے بعض کا ذکر گزر چکا جیسے تفسیر کبیر جو ننانوے جلدوں میں ہے۔

تفسیر صغیر جو آٹھ جلدوں میں ہے۔

یونہی ''الجمع والتفصیل فی أسرار معانی التنزیل'' اسے انھوں نے سورہ مریم تک مکمل کیا۔

اور ابن حزم کی محلی کا اختصار۔

اور یونہی ''المحجة البیضاء علی طریق الفقهاء'' نامی ان کی کتاب جسے انھوں نے مکہ مشرفہ میں لکھا۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میں نے اس کی کتاب الطہارت اور کتاب الصلاۃ دو جلدوں میں مکمل کی اور میرے ہاتھ میں تیسری جلد ہے اور میں کتاب الجمعہ میں ہوں، یہ کتاب الجمعہ مکمل ہوتی تو ایک جلد ہوتی۔

یونہی کتاب مفتاح السعادة، جس میں انھوں نے مسلم بخاری اور ترمذی کے متن جمع کیے ہیں۔

یونہی کتاب جس کا نام ہے کنز الأسرار فیما یروی عن النبی المختار صلی الله علیه وسلم من الأدعیة والأذکار۔

یونہی یہ کتاب جس کا نام رکھا گیا: مشکاة الأنوار فیما یروی عن الله سبحانه و تعالی من الأخبار۔

یونہی کتاب الأربعین المتقابلة۔

اور یونہی الأربعین الطوال۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر، حدیث، فقہ، اصولِ فقہ اور اصولِ کلام میں بہت سی بلند مرتبہ قسم کی تصانیف ہیں۔ ان میں سے بعض مشہور ہیں اور بعض مستور۔ ہمارے اور فقیہ کے درمیان

ان علوم حقیقیہ اور معارف ربانیہ کے بارے میں طیش میں آجانے کے سوا کچھ بھی نہیں، جن کا اُس نے علمی احاطہ نہیں کیا، ادراک نہیں کیا، نہ حقیقتاً اور نہ رسماً۔ پس ایک حاذق عالم اور دانا عارف اُس شخص کے بارے میں کیا کہے جو اصحاب کو ہدایت اور حق کے راستہ سے منہ موڑنے کو کہتا ہے۔ یہ ہے وہ حجت جس کا اس نے اپنے فتویٰ میں دعویٰ کیا ہے۔

مؤلف عفا اللہ عنہ کا شعر ہے:

☆ اس اندھے سے کہہ دو کہ جس نے چاشت کے وقت کے سورج کو عیب دار بتایا اور اس کے بارے میں اپنی لاعلمی کے سبب اس کو عیبی ہی سمجھ رہا ہے۔

☆ کہ تم اس کی روشنی نہ بھی خریدو، مگر سب لوگ اس کے خریدار ہیں۔

اور مؤلف عفا اللہ عنہ کا کلام ہے:

☆ بیشک ہم نے درزی کی (یعنی ابن خیاط کی) سیون ادھیڑ دی ہے، ایسے دھاگوں سے [1] سوئی کی مدد سے۔

☆ ہم نے اس کی قینچی توڑ دی ہے اور اس کو سوئیوں سے محروم کر دیا ہے [1] بغیر سلائی کے ہی۔

اور انھیں کے مزید اشعار ہیں:

☆ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کا کلام مدعی کے منہ پر طمانچہ ہے جب کہ اس کی گردن تنی ہو۔

☆ یہ ایسا کلام ہے جس میں کوئی شک نہیں، گوکہ دشمنوں نے اس میں شک کیا ہے۔

ہم فقیہ کے کلام اور جو اس میں طیش و تسفیہ ہے اس کی طرف لوٹتے ہیں، تو ان کا یہ کہنا: میرے گمان میں شیخ مجد الدین کا یہ فتویٰ، شیخ محی الدین رحمۃ اللہ کی کتب میں گہری نظر ڈالے بغیر ہے۔

پھر فقیہ نے فتویٰ میں ایسی بات ذکر کی ہے جو ان جیسوں سے تو مناسبت رکھتی ہے

ا۔ مخطوطہ میں شعر نامکمل اور غیر واضح ہے۔

Marfat.com

لیکن مجھ جیسوں کو نہ تو اس کا نقل کرنا زیب دیتا ہے اور نہ ہی بیان کرنا، کیونکہ ہر کوئی اپنے طریقے پر کام کرتا ہے۔ اس سارے کلام کے ہمارے شیخ اقضی القضاۃ رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے جواب دیے ہیں جو آفاق سے جا لگے ہیں اور ان کے جواب پر ہی اجماع و اتفاق ہوا ہے اور منافقت کے بازار میں کوئی نفاق باقی نہیں رہا۔ میں اس میں سے وہ جس کے ذکر کو اللہ نے سہل کیا اور جس کی خوشبو کو عام کیا، ذکر کرتا ہوں۔ یہ اس کا ترجمہ ہے:

حمد ہر حال میں اللہ ہی کے لیے ہے اے اللہ حق بات ہمیں حق دکھا اور اس کی اتباع نصیب فرما اور باطل کو باطل دکھا اور اس سے بچنے کی توفیق دے۔

